تحفہ روحانیات

جولائی ۲۰۰۹ء

سید عابد حسین شاہ

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ماہنامہ روحانی

تسخیر روحانیات

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

جلد نمبر 5 جولائی 2009ء شمارہ نمبر 1

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

محمد ایاز مزمل

سب ایڈیٹر: محمد نبیل مزمل ۔ سید عابد حسین شاہ

معاونین: ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہ الحسنین رضوی

پروف ریڈر: سید آل محمد، حنیف یاسر

سرکولیشن منیجر: رضوان علی رضوی 0300-6368746

کمپوزنگ اینڈ گرافکس: سید شارق حسین زیدی

لیگل ایڈوائزر

شیخ مستحسن جاوید (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے (ایکسپریس نیوز چینل) عابد کمالوی (ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ)

سید احمد کبیر شاہ (ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان) مسز نائلہ انعام (ایم پی اے)

ترتیب مضامین

صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر	مضمون
3	سورۃ مزمل کے خواص	35	مشاہدات تسخیر ہمزاد
4	سید فخر امام	36	مشاہدات روحانی
11	زائچہ پاکستان	38	روحانی علاج
17	ستاروں کی چال	39	یونانی ٹوٹکے
21	اوج شمس	41	یہ ماہ کیسا گزرے گا
22	حل المشکلات	47	نمبر لگ گیا
24	اوج شمس	48	لکی نمبر
27	اوج زہرہ	49	جولائی کے لکی نمبر
28	علم النفس	50	انعامی بانڈ اور لکی نمبر
30	تسخیر مخفیات	51	قلمی دوستی
31	فیوض العملیات	52	پیغامات
33	کرشمات حروف	54	آپ کی ڈاک

قیمت فی شمارہ 50 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے

یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 500/ روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

موبائل نمبر 0300-6351192

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے مزمل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است آہستہ پا بنہ کہ ملک سجدہ می کند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

(ابو محمد مصباح العلم)

☆کلمہ استغفار ''اَستَغفِرُاللہ رَبِّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَاتُوبُ اِلَیہِ '' (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

☆اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ مُحَمَّدٍ بِعَدَ ذَالمُزَمِّل وَالخَصَائِص

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادیگا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کر دیگا۔ جس مشکل کیلئے پڑھیگا وہ مشکل آسان ہو جائیگی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کیلئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش والواح

حضرت ابی خزامہؒ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا ''میں نے حضرت محمدؐ دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں

زکات سورۃ مزمل رجب

رجب میں سورۃ مزمل کی زکات ادا کرنے کیلئے نو چندہ اتوار سے قبل نماز فجر 11 بار درود مزمل پڑھیں 2 رکعت نماز نفل تہجد ادا کریں سورۃ مزمل 11 بار پڑھیں اس کے بعد برائے تسخیر کل روحانیت سورۃ مزمل کی دعا کریں اب دوبارہ پھر 11 بار درود مزمل پڑھیں اور دو رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر درج بالا طریقہ سے دعا کریں تیسری بار پھر 11 بار درود مزمل پڑھ کر 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر تسخیر کل روحانیت کی دعا کریں آخر میں 11 بار درود مزمل اختتامی پڑھیں۔ اس طریقہ کار پر عمل کرنے سے ماہ رجب میں سورۃ مزمل کی زکات ادا ہوگی مدت عمل زکات 11 یوم ہے یاد رہے کہ ماہ رجب آئمہ کرام کی ولادت باسعادت اور شہادت کا ماہ ہے۔ سورۃ مزمل پڑھ کر کریم رجب امام محمد باقرؑ 3 رجب شہادت امام علی نقیؑ 5 رجب ولادت امام علی نقیؑ 9 رجب ولادت باسعادت علی اصغرؑ 10 رب ولادت باسعادت حضرت امام محمد تقیؑ 13 رجب ولادت باسعادت مولا علیؑ 15 رجب شہادت بی بی زینبؑ 22 رجب نیاز امام جعفر صادقؑ 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ان تمام ایام میں جو کہ ولادت یا شہادت سے منسوب ہیں ائمہ کرام نیاز دینا باعث برکت و راہ نجات ہر غم و مصیبت دنیا و آخرت ہے۔

سورۃ مزمل کے خواص

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (آیت نمبر 8)

(ترجمہ) اپنے رب کا نام یاد کرو اور سب سے الگ ہو کر اسی کے رہو۔

وَاذْكُرْ اور ذکر کرو

آیت مبارکہ میں دن اور رات کے ذکر پر مداوت کرنے کی جانب اشارہ کیا گیا ہے ذکر دو طرح کا ہوتا ہے ایک ذکر خفی اور دوسرا ذکر باطنی۔ ذکر خفی سے مراد وہ ذکر جو کہ دل و دماغ اور روح میں خاموشی کے ساتھ جاری رہے، جس کا اظہار کسی دوسرے شخص پر نہ ہو اور ذکر باطنی سے مراد جو کہ با آواز ظاہری طور پر کیا جائے۔ آیت مبارکہ کے درج بالا کلمات میں دونوں اذکار کی طرف اشارہ دیا گیا ہے۔ ذکر خفی ہر وہ ذکر جس میں ہر طرف باری تعالیٰ کی ذات نظر آئے اس میں کوئی لمحہ بغیر ذکر سے خالی نہیں جاتا کیونکہ ذکر خفی میں انسان گردوپیش کے حالات سے اس قدر الگ ہو جاتا ہے کہ جس میں کسی شے کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی یہ وہ وجدانی کیفیت ہوتی ہے جس میں انسان یکسو ہو کر باری تعالیٰ کی جانب مگن رہتا ہے اُس کی ہر حرکت ہر بات میں رب کی ہی یاد رہتی ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دوسری آیت میں فرمایا! **الا بذکر الله تطمئین القلوب** (بے شک اللہ کے ذکر سے دلوں کو قرار ملتا ہے)

اِسْمَ رَبِّكَ اپنے رب کے نام کا

باری تعالیٰ کے صفاتی اسماء لاتعداد لامحدود ہیں گویا وہ صفات کا سمندر ہے ہر وہ صفاتی اسم جس میں اُس کی عظمت و برکت حسن و خوبی جھلکتا ہو اُسی کا اسم ہے درج بالا آیت کے کلمات کو بغور دیکھیں تو اللہ کو کسی بھی نام سے یاد کیا جا سکتا ہے اسم اللہ وہ خاص اسم ہے جو کہ خود باری تعالیٰ کو پسند ہے اسی لئے اس اسم کو اسم ذات بھی فرمایا گیا ہے اگر کسی شخص کو یاد کرنا ہو تو ہم اُس شخص کا نام پڑھتے جائیں تو یہ یاد کا طریقہ باطنی ہے لیکن جب اُس شخص کی صفات کو اور خوبیوں کو بیان کیا جائے تو یہ طریقہ خفی ذکر ہے اللہ تعالیٰ نے ذکر خفی کو زیادہ پسند فرمایا ہے۔ ذکر باطنی ہو یا خفی آیت مبارکہ میں دونوں کی جانب اشارہ دیا گیا ہے یعنی اپنے عمل، کردار اور گفتگو میں اللہ کا ذکر شامل کر لیا جائے تو بہت جلد اللہ کے نزدیک پہنچ سکتے ہیں مثلاً ایک شخص کا نام ابرار حسین ہے اگر وہ کسی دوست کو یاد آتا ہے تو ایسے یاد کرنے والا شخص اُس کے نام کو نہیں پڑھتا رہے گا بلکہ اُس شخص کی خوبیوں کا ذکر اپنے دوستوں میں بیٹھ کر کرے گا یا اپنے اُس دوست کی خاصیتیں اور کردار کو اپنے ذہن میں سوچتا رہے گا یہی طریقہ باری تعالیٰ کے ذکر خفی کا ہے کہ اُس رب جلیل کی صفات عنایات کرامات رحمتوں کو یاد کرتے رہنا چاہیے محفل میں اور تنہائی میں اُس کا شکر ادا کرنا اور اُس کو حاجتیں بیاں کرنا ہر دُکھ درد کا ساتھی اُسی کو جاننا بھی ذکر الٰہی ہے۔ اُس ذات کو جس سے محبت ہو اُن محبت ہستیوں کا ذکر بھی ذکر الٰہی سے جدا نہیں۔

وَتَبَتَّلْ الگ ہو جاؤ

جب انسان کسی کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اُ کی تمام تر توجہ یکسو ہو کر ایک ہی جانب ہو جاتی ہے درج بالا حرف آیت میں اشارہ مراقبہ کی جانب ہے کہ استغراقی کیفیت اپنے اوپر اتنی طاری کر لی جائے کہ گردوپیش کا دھیان نہ رہے اُس کے وجد میں خود کو اتنا غرق کر لو کہ ہر طرف اُسی کی ذات ہو اور یہ اُسی صورت ممکن ہے جب پرسکون حالت میں اُس کے خوبصورت پردہ میں اپنے آپ کو حال ڈھال لیا جائے اور دعا کی جائے کہ **اللهم الستر لی بسترك الجميل** (اے اللہ مجھے اپنے خوبصورت پردہ میں ڈھال لے)

إِلَيْهِ تَبْتِيلًا اسکی طرف اسی کے ہو کے رہو

اُسی کی طرف ہو کر سب سے تعلق ختم کر لو آیت مبارکہ کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ انسانوں سے ملاقات ترک کر دو ان کے حقوق سے کنارہ کش ہو جاؤ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کے لئے اخلاص کامل رکھو اور تمہاری زبان اور دل حالات کے موافق ہوں یعنی دونوں کو قابو میں رکھ کر ہر کام کو انجام دو تا کہ کسی دوسرے شخص کو تم سے تکلیف نہ ہو۔ کاروباری دُنیا قلبی ذکر خفی پر حاوی نہ ہو یعنی جب اللہ کے ذکر کی طرف ہو جاؤ تو پھر دُنیا سے دھیان بالکل ہٹا دو تا کہ انعام و اکرام کی بارش کی جائے اور وہ ذات ہے جس نے فرمایا کہ **الله نور السموات والارض**۔

وزیر برائے تعلیم و پارلیمانی امور رہے۔ 1998 تا 1999 قومی تعمیر نو کمیشن کے چیرمین منتخب ہوئے یہ زحل کے دور اکبر کی ابتداء تھی یہی وہ وقت تھا اگر صاحب زائچہ کا سیارہ زحل و مشتری حالت مستقیم میں ہوتے تو یقیناً پاکستان کے وزیر یا اس سے بھی بڑے اہم عہدہ پر فائز ہوتے۔ 1999 میں زحل کے دور اکبر میں عطارد کا دور اکبر شروع ہوا تو حیران کن اثرات سیارگان ظاہر ہوئے اس وقت صاحب زائچہ وفاقی وزیر قانون بنے یہ تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے کہ اپنی قابلیت اور صلاحیتوں کی بناء پر ایسا شخص وفاقی وزیر قانون بنا جو کہ وکیل نہ تھا۔

قارئین تحفہ روحانیات صاحب! زائچہ کی ذاتی شخصیت سیاسی زندگی سے ہر وہ شخص واقف ہے جو کہ سیاسی دلچسپی رکھتا ہو اس لئے زائچہ کے ادوار سیارگان حالات کے ہمراہ شائع کیے جا رہے ہیں تا کہ کسی بھی شخص کے زائچہ پیدائش کے مطابق ادوار سیارگان کو سامنے رکھتے ہوئے احکام لگانے میں آسانی ہو۔

2002ء میں جب زحل کے دور اکبر میں ذنب کا دور اصغر شروع ہوا تو صاحب زائچہ نے قومی اسمبلی کی 2 نشستوں پر الیکشن لڑا جس میں میاں چنوں سے 97000 ووٹ حاصل کر کے اپنے حریف کو شکست دی۔

زحل کے ہی دور اکبر میں زہرہ کا دور اصغر شروع ہوا جو کہ 2006 تھا اسی وقت پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا ممبر چنا گیا۔

18 نومبر 2015 تک زحل کا دور اکبر ہے کیونکہ صاحب زائچہ کے پیدائشی وقت پر زحل خانہ زوال میں بحالت رجعت پذیر ہے جس کی وجہ سے کہا جا سکتا ہے کہ 2015 تک زحل کا دور اکبر صاحب زائچہ کیلئے نحس ثابت ہوگا لیکن 4 مئی 2013 تا 18 نومبر 2015 مشتری کا دور اصغر شروع ہو رہا ہے یقیناً یہ وقت سیاسی اثر رسوخ میں اضافہ کیلئے زیادہ اہم ہوگا کیونکہ صاحب زائچہ جب بھی مشتری کا دور اکبر یا اصغر شروع ہوا تو سیاسی نقطہ نگاہ سے مثبت انداز سے نئی تبدیلیاں سامنے آئیں۔ اس دوران زحل کا صدقہ سے بچاؤ کیا جا سکتا ہے اور لوح زحل پاس رکھنے سے اس نحس سیارہ کی نحوست کسی حد تک خارج ہو سکتی ہے۔

18 نومبر 2015 سے عطارد کا دور اکبر شروع ہو رہا ہے۔ پیدائشی زائچہ میں عطارد خانہ مساوی میں ہے اور عطارد کے دور اصغر نے صاحب زائچہ کو پہلے بھی اپنے دور میں فائدہ دیا اور انشاءاللہ آئندہ بھی فائدہ دیگا۔

محترم جناب سید فخر امام صاحب کا عوام اور سیاست دانوں کو پیغام ہے کہ جمہوری دور میں ادارے مضبوط ہوتے ہیں ملک میں استحکام کی فضا قائم ہوتی ہے اور ملک تیزی سے ترقی کی جانب رواں دواں ہوتا ہے۔ اس دوران سب سے زیادہ فائدہ چھوٹے صوبوں سرحد، سندھ اور بلوچستان کو بھی ہوتا ہے۔ جمہوریت کی وجہ سے ان کی آواز سنی جاتی ہے جبکہ دور آمریت میں ان صوبوں کی آواز کو دبا دیا جاتا ہے لہذا کوشش کی جائے کہ ضبط اور حوصلہ کے ساتھ ایک دوسرے کو برداشت کیا جائے تا کہ دوبارہ کسی آمر کو آنے کا موقع نہ ملے۔

دعا گو ہوں کہ باری تعالیٰ صدقہ محمد و آل محمد و اہل بیت و آئمہ کرام سید فخر امام صحت زندگی عطا فرمائے تا کہ ملک پر ایسے منجھے ہوئے سیاست دانوں کا سایہ قائم رہے اور ملک مزید ترقی کی طرف رواں دواں ہو اور دنیا میں عزت وقار کے ساتھ ہر پاکستانی اپنا سر بلند رکھے۔

قواعد نجوم

سہم الحیات

ازتحریر: رشید منجم (اسلام آباد)

اگر طالع برج طاق ہوتو برج حمل سے ہورالگن تک گنے اگر برج جفت ہوتو الٹا یعنی حوت دلو سے گنے طالع صغیر تک اگر نا کال گیا طالع اور ہورالگن ہم جنس یعنی دونوں مذکر یا مونث ہوں توان بروج کے اعداد کو جمع کر لے اگر غیر جنسی ہیں تو تفریق کر دے اور اس فرق کو طالع سے شمار کرے جس برج پر شمار ختم ہو وہ خانہ سہم الحیات اور اس کے پانچویں یا نویں خانے میں سہم الموت ہوگا۔ مثال۔ فرض کریں کہ کسی کا طالع سرطان ہے اور طالع صغیر دلو ہے چونکہ سرطان مونث ہے لہذا اسے الٹا گنا تو سرطان تک نو برج ملے اب ہم نے طالع صغیر کو دیکھا تو اگر مذکر ہے تو برج حمل سے ترتیب وار گنا تو برج دلو تک گیارہ برج حاصل ہوئے کیونکہ طالع صغیر ہورا برج دلو تھا چونکہ برج دلو مذکر ہے اور سرطان مونث ہے تو دونوں غیر جنس ملے لہذا انہیں تفریق کرنے 2 برج حاصل ہوئے لہذا ایک برج سرطان اور دوسرا اسد ہوا پس سہم الحیات برج اسد میں ہے لہذا اسد سے پانچواں برج قوس اور نواں برج حمل نکلا اب دونوں میں کسی میں نحس سیارہ بیٹھا ہو یا نظر بنائے تو اس برج میں سہم الموت ہوگا باقی غیب کا علم اللہ ہی جانتا ہے۔

(گرہ اپائو یعنی سیاروں کے نحس اثرات دور کرنا)

چند دن پہلے میرے ایک دوست انڈیا گئے واپسی پر وہاں سے اپنے لئے نجوم کی لال کتاب لے کر آئے یہ سیاروں کے نحس اثرات دور کرنے کے اپاؤ (طریقہ) لال کتاب سے لے کر لکھ رہا ہوں۔ مریخ کے نحس اثرات دور کرنے کے لئے ریوڑیاں پانی میں بہائے۔ مشتری کے نحس اثرات دور کرنے کے لئے ذرا سا زعفران زبان پر یا ناف پر لگائیں یا کھانے میں دیں۔ شمس کے نحس کے لئے گڑ لے کر پانی میں بہائیں قمر کے نحس اثرات دور کرنے کے دودھ یا پانی کا ایک گلاس اتوار کی رات کو سرہانے کی طرف رکھ کر کیکر کے درخت کی جڑ پر ڈالیں۔ زہرہ کے نحس اثرات دور کرنے کے لئے جوار کسی کو دیں۔ عطارد تانبہ کے پیسے میں سوراخ کر کے دریا یا پانی میں بہادیں۔ راہو اس کے لئے کسی کو مولیاں لے کر دیں یا کوئلے دریا میں بہادیں۔ ذنب (کیتو) کے نحس اثرات دور کرنے کتے کو چالیس دن تک روٹی ڈالے ان سارے اپاؤں کا وقت دن کے وقت جب سورج ہو تو کرے رات وقت کرنے کا کوئی فائدہ نہیں اگر کسی وجہ سے خود نہیں کر سکتا تو اس کے بدلے اس کا کوئی بہن بھائی عزیز رشتہ دار بھی کر سکتا ہے۔ لال کتاب سے جو پڑھا وہ تحریر کر دیا یا مالک حقیقی بہتر جانتا ہے۔

سہم الام (یعنی والدہ کی وفات کا زمانہ)

زائچہ وقتی ہو یا پیدائشی شمس کے درجات سے قمر کے درجات تفریق کر دے پھر تفریق شدہ درجات کو جس خانے میں قمر بیٹھا ہو تو وہاں سے وہاں سے گنے جس خانے میں شمار ختم ہو اس برج میں زائچہ قمری سے جب زحل آئے یا قمری سے پانچویں خانے یا نویں خانے میں زحل آئے تو ماں کی وفات ہوگی۔

سہم الام نمبر 2

خانہ آٹھ کے درجات سے شمس کے درجات گزشتہ کو تفریق کر دے پر جہاں قمر بیٹھا ہے وہاں سے شمار کرنے جس برج پر شمر ختم ہو اس میں زحل آئے یا اس کے نوانشہ میں شمس آئے تو والدہ کا انتقال ہوگا۔

سہم الاب دینی والد کی وفات کا زمانہ

قمر کے درجات شمس کے درجات تفریق کر دیں اور اسے قمر سے شمار کریں جہاں شمار ختم ہو اس کے پانچویں برج میں جب زحل آئے گا تو والدہ کی وفات ہوگی (مالک حقیقی بہتر جانتا ہے)۔

ساڑھ ستی کے متعلق گزارشات

ہندی نجوم میں ساڑھ ستی 7.1/2 سال کے خراب دور کو کہا جاتا ہے یہ یاد رہے کہ یہ قمر سے خانہ بارہ طالع اور خانہ دو میں زحل ہو تو شروع ہوتی ہے شمس کے اگے پیچھے ہونے زحل کی کوئی ساڑھ ستی ڈھیا نہیں ہوتا۔ نہ طالع سے خانہ چھ سات اور آٹھ میں زحل آنے سے ساڑھ ستی یا ڈھیا شروع ہوتا ہے۔ 3 یہ کہتے ہیں وہ غلط کہتے ہیں یاد رکھیں جس گھر میں زحل بیٹھتا ہے اس کی منسوبات کو تباہ کرتا ہے اور جس گھر کو دیکھتا ہے اس کی ترقی کرتا ہے قارئین کرام جب بھی اخبار دیکھتے ہیں اور تقریبا ہر اخبار میں آج کا دن کیسا گزرے گا چھپا ہوتا ہے جسے لوگ شوق سے پڑھتے ہیں رونا اس بات کا ہے آج کا دن کیسا گزرے گا ایسا ایسا شخص اخبارات میں لکھ رہا ہے جس کو نجوم کی الف بے کا بھی پتہ نہیں اور خود ہی نجومی بن بیٹھا ہوتا ہے یہ کوئی علم نجوم کی خدمت نہیں بلکہ نجوم کو تباہ کرنے کی کوشش ہے۔ استادوں نے اس کا طریقہ نجوم میں بتایا ہے کہ آج کا دن دیکھنے کے لئے وقتی زائچے میں

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ تربیع مشتری

مسلط خوف مایوسی غم

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
جمعرات	2	5:14 تا 6:24	13:27 تا 14:37	شمال مغرب	20:58 تا 21:48	شمال مغرب

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت کسی بھی شخص پر مایوسی غمی بد دلی خوف مسلط کیا جا سکتا ہے لیکن یہ تمام اعمال اُس وقت کیے جائیں جب ان کی اشد ضرورت ہو یعنی دشمن مختلف طرح کے حربے سائل کو ذلیل و خوار کرنے کیلئے کر رہا ہو یا سائل کی بے سبب بدنامی کا باعث بنتا ہو نا حق عمل کرنے والا عمل کی رجعت سے محفوظ نہ رہ سکے گا۔

(عمل) اس نظر سے قبل کسی بھی شخص کے دکھ، تکلیف یا غم سے نکلنے والے آنسوں کو رومال میں خشک کر لیں اب اس رومال پر یامنتقم یامذل کا ورد 800 بار کریں یاد رہے کہ اس عمل میں بسم اللہ اور درود پاک نہ پڑھا جائے بلکہ بسم اللہ کی جگہ تکبیر پڑھیں (بسم اللہ اکبر) اب اس رومال کو ساعت مقررہ نحس میں پانی میں ڈبو دیں اور یہ پانی کسی بھی طرح دشمن کو پلا دیں اگر پانی پلانا ممکن نہ ہو تو اُس کے گھر کی دیوار پر چھڑک دیں اللہ نے چاہا تو بہت جلد اس کے اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ دشمن ذلیل و خوار ہوتا ہے مایوسی بد دلی خوف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

عطارد تثلیث مشتری

حل المشکلات

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
جمعرات	2	5:14 تا 6:24	13:27 تا 14:37	شمال مغرب	—	—

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں اپنی مشکلات کے حل کے لیے عمل کر سکتے ہیں خواہش جائز ہونی چاہیے آج کے عمل سے انشاللہ تعالی حاصل ہو گی۔ (عمل) 21 بار درود شریف +21 بار سورۃ مزمل +21 بار درود شریف آخر میں پڑھیں بعد پڑھائی سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے سورۃ مزمل لکھیں اس کاغذ پر اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں اس لکھے گئے کاغذ کو فریم بنوا کر دوکان یا مکان میں لٹکا دیں دوکان کی بندش ختم ہو گی رزق میں اضافہ ہو گا بچیوں کے رشتے کے بارے میں پریشان والدین اس کاغذ کو تعویذ کی صورت میں لپیٹ کر بچی کی دائیں بازو پر باندھ دیں ہر روز بعد نماز فجر 7 بار اول آخر درود شریف اور 7 بار سورۃ مزمل پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں۔

شمس تسدیس زحل

فراخی رزق

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
جمعرات	9	7:37 تا 8:47	13:28 تا 12:18	شمال مغرب	20:09 تا 20:59	شمال مغرب

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔

(عمل) اس نظر میں اسم اعظم یاباسط کا ورد 720 بار کریں اگر نقش بنا سکتے ہوں عدد اسم باسط 72 ہیں اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم باسط 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں روزانہ ایک چھوہارہ لیں اور نہار منہ اس چھوہارے پر 72 بار یاباسط پڑھ کر کھا لیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دُعا کریں اس چھوہارے کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار یاباسط پڑھا جائے ہر قسم کی بندش ختم ہونے کے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہو گا۔

غلطی کی اصلاح

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں دیے گئے عربی آیات میں اعراب خود درست کر لیں یا کسی حافظ سے کروالیں اس کے علاوہ نقوش کی پڑتال بھی خود لازمی کریں مضمون شائع کرنے سے قبل ان چیزوں کا خیال ادارہ کی جانب سے رکھا جاتا ہے لیکن پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔

اس مضمون میں شائع کی گئی سمتوں کی جانب اپنا رخ کریں گے تو رجال الغیب آپ کی پشت پر ہونگے۔

ادارہ روحانیات

مریخ تربیع مشتری — عمل شر

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	7	5:17 تا 6:27	12:18 تا 13:28	مغرب	20:09 تا 20:59	جنوب

(مقصد عمل) سیاروں کی اس اہم نظر میں نفاق اور جدائی ڈالنے کیلئے' بیماری یا عذاب مسلط کرنے کیلئے' ناجائز محبت و عشق ختم کرنے کیلئے یا دشمن کو شدید عذاب میں مبتلا کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے سیاروں کی یہ نحس نظر جن دو بروج میں مقیم سیارگان کے درمیان ہورہی ہے۔ دونوں بروج کا تعلق آپس میں اچھا نہ ہے دوسری جانب سیارہ مشتری وقت نظر راجع حالت میں ہے جو کہ اس نظر کی شدت میں مزید اضافہ کرتا ہے۔ عرصہ دراز بعد یہ نظر قائم ہوتی ہے جو کہ قوی اثرات رکھتی ہے۔

(عمل) مخالفین میں جھگڑا پیدا کرنے کیلئے اگر مرد ہے تو مربع آتشی اس میں یا قہار یا جبار کے عدد قمری میں مرد سائل کا نام کے لیں اور دوسری جانب عورت کے نام کے عدد قمری اسم الٰہی یا مذل یا منتقم کے استخراج کر کے مربع آبی پُر کریں تیار کردہ لوح کے دونوں جانب فرضی تصویر بنائیں جس میں مریخ کی تیار کی گئی لوح کے پشت پر عورت کی گردن پر مرد کا پاؤں ہو اور اسی طرح چاندی کی دھات پر تیار کردہ لوح کی پشت پر عورت کے ہاتھ میں تیز دھار آلہ ہو اور مرد کی کٹی ہوئی گردن پکڑی ہوئی ہو سیاہ کپڑے میں دونوں الواح کو آپس میں چپکا کر کھولتے ہوئے پانی میں ڈال دیں اور قریب بیٹھ کر درج بالا اسم الٰہی کا ورد ساعت جب تک ختم نہ ہو مسلسل کرتے رہیں انشاءاللہ مرد و زن میں بے انتہا جھگڑا اور لڑائی پیدا ہوگی اور ایک دوسرے کے جانی دشمن ہوجائیں گے۔ قارئین سے التماس ہے کہ اس عمل کو استخارہ کے بغیر نہ کیا جائے ورنہ سخت نقصان اُٹھائیں گے۔

عطارد تسدیس زحل — دفع بندش نکاح

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
اتوار	12	8:47 تا 7:40	13:28 تا 15:48	شمال مغرب	—	—

(عمل) ایک تسبیح استغفار +21 بار درود شریف +2000 بار "یا بدوح" +21 بار درود شریف سفید کاغذ پر بسم اللہ شریف لکھنے کے بعد 20 بار 'یا بدوح' آکاش بیل کے حاصل شدہ عرق سے لکھیں نیچے دعائیہ انداز میں اپنا مقصد تحریر کریں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ لیں اور جس کا نکاح بندھا ہوا اس کے گلے میں لٹکا دیں۔ اسی طرح ایک دوسرا نقش تیار کریں اس نقش کو پانی میں ڈال دیں نہار منہ صبح اس پانی کے 3 گھونٹ 20 روز تک پییں اب روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود شریف 21 بار + 'یا بدوح' 108 بار پڑھ کر اس نقش پر دم کر دیں جب تک مقصد پورا نہ ہو بلا ناغہ ورد کریں اور ہاتھ اُٹھا کر اپنے مقصد کی دعا کریں شادی کے معاملے میں بڑی سی بڑی بندش رفع ہوجاتی ہے۔

شمس قران عطارد — عمل خیر

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	14	6:30 تا 7:40	14:39 تا 15:48	جنوب مغرب	21:48 تا 22:39	مغرب

(مقصد عمل) ستاروں کی اس سعد ترین نظر میں آپ اپنے ہر نیک مقصد کے لئے عمل کر سکتے ہیں بشرط ہے کہ آپ کی نیت خالص ہو میں کامیابی کے لئے یقین کامل پہلی شرط ہے آپ کی زندگی کا ہر مقصد شادی بیاہ، روزگار، مقدمہ گھریلو لڑائی جھگڑے وغیرہ کے حل کے لئے اس عمل سے مکمل فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) آیت فتح سورۃ فتح کی پہلی آیت کے عدد قمری میں مقصد کے اعداد شامل کریں ہمراہ سائل مع والدہ کے عدد بھی ابجد قمری شامل کریں کل مجموعہ کا نقش مخمس زعفران کی سیاہی سے ہرن کی جھلی پر لکھیں یا گولڈن کاغذ پر گولڈن سیاہی سے نقش پُر کریں۔ آخر میں دونوں سیارگان کے طلسمات تحریر کریں۔ وہ لوگ جو نقش تیار نہ کرسکیں وہ افراد ادارہ سے رابطہ کرسکتے ہیں یا ذیل کا عمل تیار کریں۔

2 رکعت نماز صلوۃ الحاجات +21 بار درود شریف +21 بار آیت مبارکہ **ان اللہ علیٰ کل شئ قدیر** +21 بار درود شریف ہر روز بعد نماز فجر 21 بار اسی طرح آیت مذکورہ کا ورد کریں جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ آیت مذکورہ کو 108 بار کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھ لیں۔ نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لازمی لکھیں۔

عطارد تسدیس مریخ — تسخیر خلق

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب بعد آفتاب	رجال الغیب
منگل	21	5:24 تا 6:33	14:57 تا 18:57	جنوب مغرب	19:16 تا 20:07	مغرب

(مقصد عمل) پنچایت یا بہت سے لوگوں کو مسخر کرنے کے لیے عمل کیا جا

سکتا ہے یعنی کہ چندلوگ مل کر کوئی ایسا فیصلہ دینا والے ہوں جو کہ آپ کے حق میں نہ جاتا ہو یا یہ خدشہ ہو کہ اُس فیصلے سے آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔(عمل) قبرستان سے **21** قبروں کی مٹی اکھٹی کریں اس مٹی پر اول آخر دورد شریف **21** بار پڑھنے کے بعد اسم الٰہی **یـا رحمن کل شي و و ارئه یا رحمن 313** بار دم کریں، دم کرنے کے بعد اس مٹی کو اس پنچایت میں اُس وقت پھینک دیں جب وہ تمام لوگ جمع ہوں اور خود ایک جانب کھڑے ہوئے دل میں انہی کلمات کا ورد کرتے رہیں اس عمل کی برکت سے پوری پنچایت مسخر ہوگی اور فیصلہ عمل کرنے والے کے خلاف نہ ہوگا بہتر ہے کہ اس عمل سے قبل دو رکعت نماز برائے مسخر کل پنچایت فی غرض وحق (یہاں اپنا نام مع والدہ لیں) انشاللہ فیصلہ عامل کے حق میں ہی ہوگا۔

زہرہ تربیع زحل — نجات زنا، عمل بد

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
بدھ	22	7:43 تا 8:52	12:20 تا 13:29	مغرب	20:07 تا 20:53	جنوب

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے۔(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو انشاللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے **اھـطـم فشز ھب ھب لا مھو لا ھتا۔**

زہرہ تثلیث مشتری — حصول مال و دولت

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
پیر	27	7:45 تا 8:53	15:46 تا 16:55	مشرق	19:13 تا 20:04	جنوب مشرق

(مقصد عمل) پیار ومحبت میں اضافہ حصول جائداد یا مفت کی دولت حصول انعام کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے اس کے علاوہ وہ لوگ جو کہ تسخیر خلق چاہتے ہوں خصوصاً تسخیر زن کیلئے یہ نظر انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

(وضاحت) سیارہ مشتری کا قیام وقت نظر برج دلو میں حالت رجعت میں ہے اس نظر میں کمزوری صرف اسی بات کی ہے جبکہ زہرہ برج جوزا میں مقیم ہے زہرہ کو اس برج میں اوج حاصل ہے قارئین اس خاص وقت میں اگر تسخیر خلق کیلئے عمل کرنا چاہیں تو یقیناً فائدہ ہوگا لیکن سیارہ مشتری کی حالت رجعت میں وصولی قرض کیلئے عمل کیا جائے تو انشاللہ فوری کامیابی حاصل ہوگی۔

(عمل) اگر اس وقت میں طلسم بنانا چاہیں تو تو پاک صاف ندی یا نہر کی مٹی پر طلسم مشتری چاندی کے قلم سے تحریر کریں اور وقت ساعت میں اس طلسم کو آگ میں رکھ دیں درجہ حرارت اتنا تیز ہونا چاہیے کہ طلسم مٹی پر چٹخنے اور ٹوٹنے نہ پائے جیسے ہی ساعت کے اختتام میں چند منٹ باقی رہ جائیں تو آگ سے اتار کر اُس پر مشک ڈال دیں اگر مشک میسر نہ ہو عطر مشک لگا سکتے ہیں اور کچھ ٹھنڈا ہونے کے بعد زرد رنگ کے کپڑے میں اس طلسم کو لپیٹ لیں جس شخص سے وصولی قرض کا ارادہ ہو اس طلسم کو جیب میں رکھ کر رقم کی وصولی کا تقاضا کیا جائے تو انشاللہ قرض واپس ہوجائیگا۔

تسخیر خلق کیلئے سفید کپڑا' ہرن کی جھلی یا ہرن کی کھال یا چاندی پر طلسم زہرہ' خاتم زہرہ تحریر کریں۔اس طلسم کے چاروں کونوں پر موکل یارتطائیل یاطیوش تحریر کریں پشت پر اپنا نام مع والدہ اور مقصد تسخیر خلق تحریر ہو۔انشاللہ تعالیٰ اس طلسم کی برکت سے تسخیر خلق بے انتہا حاصل ہوتی ہے بند دکان کھل جائیگی اگر مناسب رشتہ کی تلاش ہو تو باآسانی مل جاتا ہے خواتین کے پاس رکھنے سے نسوانیت اور حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔مرد کے پاس رکھنے سے خواتین کیلئے خصوصی کشش پیدا ہوتی ہے اس خاص طلسم کو شرف' اوج زہرہ میں بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔

عطارد مقابلہ مشتری — غلبہ دشمن

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
جمعرات	30	5:27 تا 6:38	13:29 تا 14:38	مغرب	20:55 تا 21:46	جنوب

(مقصد عمل) مخالف کے مقدمہ کی جیت باندھنا' ہار مسلط کرنا' غلبہ دشمن' مخالفین پر خوف مسلط کرنا یا جائیداد واملاک کو تباہ کرنا

(وضاحت) سیارگان کی نظر کے تحت سیارہ عطارد برج اسد میں مقیم ہے جبکہ سیارہ مشتری برج دلو میں رجعت پذیر ہے۔مشتری برج دلو میں سعد قوت رکھتا ہے لیکن حالت رجعت کی وجہ سے اور عطارد سے مقابلہ کی نظر

میں پیدا ہونے والی نحس شعاعوں کی وجہ سے درج بالا دی گئی ساعتیں مذکورہ بالا امور کیلئے کارگر ثابت ہونگی۔ خصوصاً وہ لوگ جن کا تعلق برج سرطان، عقرب یا حوت سے ہے ان نظرات سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں لیکن زیادہ مضبوط نظرامور دشمن کی جیت باندھنا اور غلبہ خوف مسلط کرنا جیسے اعمال فوری اثرات ظاہر کرینگے۔ اگر مخالفین کا تعلق برج اسد اور دلو سے ہے تو عمل کا اثر فوری طور پر ظاہر ہوگا بصورت دیگر بروج سے تعلق رکھنے والے افراد پر بھی اس عمل کا اثر جلد ظاہر ہوگا لیکن زیادہ نحس اثر اسد اور دلو کے افراد پر ہوگا۔

(عمل) پرانا کاغذ یا ردی سے نکالے گئے پیلے رنگ کے کاغذ پر ٹوٹے ہوئے قلم سے دو پایہ نقش اس طرح تیار کیا جائے کہ جس کی چال 3 سے شروع ہو اور دوسرے خانے میں 1,1 کا اضافہ کر کے نقش پُر کیا جائے مثلاً 3 کے بعد 5,7,9,11,13,15,17 درمیان کا جو آخری خانہ رہ جائے اس میں تحریر مقصد لکھیں نقش کی تیاری کے بعد گوگل کی دھونی دیں ہینگ میں اس نقش کو لپیٹ کر پرانی قبر میں دفن کر دیں مسلسل 5 یوم تک قبل نماز مغرب تقریباً 10 منٹ قبل اس جگہ پر جا کر یا عزیز کا ورد 313 بار کریں انشاءاللہ تعالیٰ ان 3 دنوں میں ہی مقصد حاصل ہوگا یہ عمل شر ہے رجعت سے بچنے کیلئے قبل از عمل کل وزن سوا کلو شکر، تل، باجرہ، سوجی اسی قبرستان میں حشرات الارض کو ڈالیں۔

(نوٹ) اس ماہ زیادہ تر نظرات عمل شر سے متعلق ہیں قارئین سے التماس ہے کہ کوئی بھی شر کا عمل کرنے سے قبل خوب سوچ سمجھ لیں اپنی قبر اور آخرت کو ذہن میں رکھ کر عمل کی ابتداء کریں معاف کرنا صفت باری تعالیٰ ہے۔

طلسم شمس
ھ ـــ ھ
س کیھمسط
معع
ط ـــ م

طلسم قمر
ہ ہ ہ ـــ ل
طسطسھا لا
ااا ع ہ س ص م م م

طلسم عطارد
ممہ مہ د
عسرلاع ص
مسلسامکما

طلسم زھرہ
عاھالامہ لہ
الالمس کمص

طلسم مریخ
ہ ہ ہ
ع ع اہ د ص
س س س

طلسم مشتری
مصعہ عصہ
علمسطہ
ممہ
مااااہ

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

طلسم زحل
صہ
طس
مھکمھع
51 51 51

اوج شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
ہفتہ	11	9:09 تا 9:59	16:58 تا 17:08	شمال	23:29 تا 00:19	مشرق

اوج زھرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	بعد غروب آفتاب	رجال الغیب
جمعہ	24	13:29 تا 14:39	20:53 تا 21:48	شمال مغرب	2:45 تا 3:40	شمال

چاند گرہن

07 جولائی۔ بروز منگل

برج جدی 15 درجہ 24 دقیقہ

ابتداء۔ 07 جولائی 11 بجکر 3 منٹ

تکمیل۔ 07 جولائی 14 بجکر 23 منٹ

خاتمہ۔ 07 جولائی 15 بجکر 07 منٹ

سورج گرہن

22 جولائی بروز بدھ

برج سرطان۔ 29 درجہ 27 دقیقہ

ابتداء۔ 22 جولائی 05 بجکر 06 منٹ

تکمیل۔ 22 جولائی 07 بجکر 36 منٹ

خاتمہ۔ 22 جولائی 9 بجکر 44 منٹ

رجب المرجب زکات سورۃ مزمل

ماہ رجب میں سورۃ مزمل کی زکات کا طریقہ اس طرح ہے کہ درود مزمل اول 14 بار پڑھیں اور پھر سورۃ مزمل کا ورد بعد نماز فجر 14 بار کیا جائے مدت عمل 14 یوم ہے۔ سورۃ مزمل کے ہر اختتامی تعداد پر دعائے نادِعلی صغیر 11 بار پڑھی جائے تو اس طرح دعائے نادِعلی کی زکات بھی ادا ہوتی ہے جس کے بے شمار فضائل ہیں خصوصاً 13 رجب کو نزولِ مولود کعبہ جو کہ اندازاً 6 جولائی ہے اس روز بعد قبل نماز فجر سورۃ مزمل 14 بار درود مزمل اول آخر 14 بار اور دعائے نادِعلی 110 بار پڑھی جائے بے شمار روحانی برکات وفیوضات حاصل ہوتے ہیں۔

اوجِ شمس

تحریر:۔ ڈاکٹر لیاقت علی کھرل

سیارہ شمس کو بادشاہ فلک اور اس کے برج کو تمام برج کا بادشاہ کہا جاتا ہے ۔ نجوم میں شمس کی خاص اہمیت ہے جس ماہ جس برج میں شمس کو نو مولود کا نام بھی اسی برج سے رکھا جاتا ہے اور اُس ماہ کا حاکم وہی برج ہوتا ہے یہ طریقہ یونانی منجمین کے نزدیک ہے جبکہ ایشائی منجمین خصوصاً ہندوستان کے لوگ سیارہ قمر کو اہمیت دیتے ہیں ۔ قمر کی منازل پنجتر کے لحاظ سے نومولود کا نام رکھا جاتا ہے لیکن یونانی قاعدہ نجوم کے مطابق **11** جولائی کو شرف شمس ہے اسی غرض سے میں ایک ایسا عمل لے کر حاضر خدمت ہوں جس میں رتی برابر ناکامی نہیں ہوتی ۔ میرے پیر استاد نے سکھایا تھا اور میں بہت جائز جگہوں پر کام کر چکا ہوں الحمدللہ کامیابی نے قدم چوم لئے ۔ آپ بھی عمل کیجئے اور بانی رسالہ اور میرے روحانی استادوں کے لئے دعائے خاص کیجئے گا۔

مقدمہ میں کامیابی کا عمل

مثال:۔

نام طالب:۔ علیحدہ علیحدہ لکھیں = ع ل ی بن ق م ر

مطلوب:۔ اب ان سے آتشی علیحدہ کر دیں ۔ بادی ۔ خاکی ۔ آبی بھی علیحدہ کر دیں۔

مثال:۔

آتشی = م

بادی = ی

آبی = ق

خاکی = ع ۔ ل ۔ ر

اب ہم نے ان کو مرکب کرنا ہے کل چھ حروف ہیں ۔ میقعلر = اب ہم نے اس مرتبہ کے چاروں مرکب بنانے ہیں ۔ یہ کل چار سطر ہونگی ۔ اب ان چاروں سطروں کو آتشی بادی خاکی آبی کی پندرہ پندرہ نقل بنانی ہیں ۔ کل ساٹھ عدد نقوش ہونگے ۔

اب آتشی پندرہ نقش جلا دیں ۔ بادی پندرہ درخت سے باندھ دیں ہلتا رہے ۔ آبی نقش پندرہ مچھلیوں کو ڈال دیں ۔ خاکی کو قبرستان میں دفن کر دیں یہ عمل سعد ساعت عروج ماہ شمال رخ صندل سلگا کر ۔ زعفران سے کاہی کے قلم کے ساتھ لکھیں شرینی پر فاتحہ دے کر دعا مانگ کر کام کریں فوری نتیجہ آئے گا ۔ میں کالا سوٹ ہمیشہ حضرت علیؑ کے نام کا دلوایا کرتا ہوں جو خود نہ کر سکیں ہدیہ دے کر بنوالیں حروف نو ... یٰ کے عامل کو گولی کی طرح کام کر کے دیتا ہے۔

عمل

(نوٹ) مقدمہ میں کامیابی کیلئے آسمان کے نیچے آیت الکرسی کی آیت قیوم تک **3125** مرتبہ پڑھیں روزانہ تو بھی کامیابی ہے۔

توبہ استغفار کی تسبیحات سوالاکھ مرتبہ قیدی پڑھے تاکہ معافی ملے نجانے کس گناہ کی پاداش میں سزا ہوئی ہے معافی مل جائے گی مجرب ہے۔

اعراب دینے کا طریقہ

باباصدف انبالوی

حکماء کے نزدیک دو قاعدے ہیں۔

قاعدہ اول

حروف سبعہ حارہ منتوحہ	اویلنع	اَ ذَ یَ لَ مَ نَ عَ
حروف سبعہ ہاردہ مضمومہ	جزکس فتح	جُ زُ کُ سُ فُ تُ خُ
حروف سبعہ طبہ مکسورہ	ھوشتذصط	ہِ رِ بِ ثِ ذِ صِ طِ
حروف سبعہ یا لسبہ مجزدمہ	بدحظغضق	تْ دْ خْ ظْ غْ ضْ قْ

اُ ہُ طُ مُ فُ شُ وُ | بَ وَ یَ نَ صَ تَ طَ
جَ زِ کِ سِ قِ ثِ طِ | دُ حُ لُ عُ رُ خُ غُ

دوسرا قاعدہ اعراب کا

حکماء نے حروفِ آتشی اھطمفشذ کو پیش دیا ہے ۔ کیونکہ آتش علو فوقی ہے ۔ اور حرفِ بادی لوین متض کو فتح دیا ہے ۔ کہ ہوا کو علو سطحی حاصل ہے ۔ اور حروفِ آبی جزکس قشظ کو کسرہ دیا ہے ۔ کیونکہ حبیعت آب میں پستی ہے ۔ اور حروفِ خاکی دحل عرخ کو سکون دیا ہے ۔ کہ خاک ساکن ہے ۔ جدول س کی یہ ہے۔

حروف سبعہ ناریہ حارہ یا لسبہ مرفوعہ
حروف سبعہ ہوائیہ حارہ رطبہ منصوبہ
حروف سبعہ مائیہ باردہ رطبہ مجردرہ
حروف سبعہ ترابیہ باردہ یا لسبہ مجزومہ

اوج شمس حل المشکلات

تحریر: ڈاکٹر مسز میجر کاظمی (راولپنڈی)

اوج شمس کے اس موقع پر ایک خاص مضمون کے ساتھ حاضر ہوں سال رواں میں اوج شمس 11 جولائی تا 12 جولائی آ رہا ہے جب سیارہ شمس برج سرطان کے 20 درجہ پر ہوتا ہے تو اس کو اوج کی قوت حاصل ہو جاتی ہے یہ وقت عزت' مال و دولت' شہرت حاصل کرنے کیلئے طاقت ور مانا جاتا ہے اس قیمتی وقت میں نقوش و الواح طلسمات تیار کرنا باعث برکت ہوتے ہیں۔ کسی عام وقت میں تیار کردہ نقش طلسم یا لوح کی وہ قوت اور طاقت کمزور ہوتی ہے جبکہ اوج یا شرف کے وقت میں تیار کردہ اعمال کی قوت کئی گنا زیادہ ہوتی ہے۔ بہت سے لوگ رسالوں جنتریوں میں مضامین دیکھ کر اپنی سوچ کے مطابق پڑھائی شروع کر دیتے ہیں۔ اس بات سے قطع نظر کہ کسی ماہ کس دن کتنے بجے کس لباس مقام اور بخور کے ساتھ اور کونسی احتیاط کے ساتھ پڑھائی کریں؟ اب ہوتا ہے کہ پڑھنے والا پڑھ رہا ہے نہ صفائی بدن ہے نہ صفائی باطن نہ جمالی نہ جلالی۔ یکسوئی تو بالکل نہیں ہوتی۔ لہذا اثر بھی صفر ہوتا ہے۔ کوئی عمل کرنے سے قبل دیکھ لیں طبع عمل ایک ہے۔ یا جن کے لئے کر رہے ہیں دونوں کی طبع ایک ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو پہلے جفری عمل سے ان کی طبع ایک کر دیں اور طبع عنصر کے مطابق دن' ماہ' بخور سمت اختیار کریں تو نتیجہ آپ کی مرضی کا ہوگا۔

اس کے علاوہ ایک خاص بات حروف تہجی' حروف صوامت' مثلث' مربع' مثلث صنوبری' مسدس کا عامل ہونا بہت ضروری ہوتا۔ نقش تب ہی موثر ہوتے ہیں۔ ورنہ آپ صرف سو (100) میں سے چالیس (40) کا گمان رکھ کر نقش لکھیں۔

ایک خاص بات یہ بھی رجعت ہر وقت منتظر ہوتی ہے ذرا سی غلطی عامل یا لکھنے والا کرے۔ تو یہ دوڑ کر لپٹ جائے اور اس کے ہونے سے زندگی مزید مشکلات کی نظر ہوتی ہے۔ ہاں قرآنی آیات موکلات کے ساتھ آپ آزادی سے پڑھ سکتے ہیں۔ مگر اس میں بھی عنصر اور طبع کو ضرور مدنظر رکھیں۔ مجھے میرے والد قبلہ نے کمال شفقت سے کچھ ہدایت دیں تھیں۔ الحمد اللہ آج میں سکون اور کامیابی سے ہر مشکلات سے خود کو بھی اور دوسروں کو بھی آزاد کرانے میں ہدایات عمل کی مدد لیتی ہوں۔ ناظرین سب سے پہلے عمل کرنے یا عامل ہونے کی وجہ سے اپنی حفاظت کو خاص الخاص مدنظر رکھیں۔ میں بھی صبح شام باقاعدگی کی مندرہ پڑھتی ہوں اور حفاظتی دیوار قائم رکھتی ہوں کیونکہ انسانیت کے ساتھ ساتھ شیطانیت بھی مصروف عمل ہوتی ہے۔ میں علمی ماہرین مخفی علوم جیسے محسنوں شخصیات کے ساتھ چل کر اپنے آپ کو بہت مضبوط اور خوش نصیب تصور کرتی ہوں۔ یہ لوگ کس طرح خدمت خلق کرتے ہیں اور دکھی لوگوں کو سکون مہیا کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ قارئین کوئی بھی عمل کرنے سے قبل اجازت عمل اور تفصیل لے لیا کریں تاکہ آپ کو پریشانی نہ ہو اب آیئے میں آپ کو ایک نایاب عمل دے رہی ہوں جو کہ ڈاکٹر علی اور میرے مصرف میں ہے۔ آج تک یہ عمل جن کو دیا الحمدللہ اس کا اثر صرف گیارہ دنوں میں نظر آنا شروع ہوا۔ اس سے رکے ہوئے کام پایا تکمیل کو پہنچے۔ بلندی مرتبہ پرموشن' شادی' سفر' ٹرانسفر' حصول ویزہ' آمدن کاروبار اور رزق نے برکتوں سے نواز ہے۔ میں دعا گو ہوں اللہ آپ کو بھی نوازے اور مشکلات سے نکالے آخر میں ڈاکٹر علی اور مجھ ناچیز کے حق میں بھی دعا کیجئے گا۔

قرآنی آیات 19343+173933

=====1311

=====1302

=====1017

=====1287

=====2186

=====7323

=====1631

طالب:۔ 918

کل اعداد:۔ 213349

تفریق:۔ 30

حاصل:۔ 213319 تقسیم کیا=53329

باقی:۔ 3

اب اس نقش کو مربع آتشی میں پر کریں اور ایک نقش طبع عنصر کے مطابق اور ان نقوشوں کو اگر مرد ہیں تو چاندی کا ورق لگا اور اگر عورت ہے تو

سونے کا ورق لگا کر متعلقہ بخور کی دھونی دے کر سیدھے بازو پر بروز جمعہ ساعت زہرہ میں باندھ لیں اور یا جامعُ یا واسعُ یا کریمُ غنی کا کھلا ورد رکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا جبرائیل یا رفتسائیل یا امراکیل یا طاطائیل یا میکائیل

۵۳۳۳۷	۵۳۳۴۰	۵۳۳۴۳	۵۳۳۲۹
۵۳۳۴۲	۵۳۳۳۰	۵۳۳۳۶	۵۳۳۴۱
۵۳۳۳۱	۵۳۳۴۵	۵۳۳۳۸	۵۳۳۳۵
۵۳۳۳۹	۵۳۳۳۴	۵۳۳۳۲	۵۳۳۴۴

اجب اسرافیل یا رفتسائیل یا طاطائیل
اجب یا عزرائیل یا امراکیل

اجب یا رفتسائیل یا امراکیل یا طاطائیل بحق
آیات قرانی فی بحق و غرض طالب ھذا العجل
الساعة الوحا الوحا الوحا

مجھے یہ عمل والد صاحب نے کروایا تھا۔ اور آج تک یہ عمل میرا محبوب عمل ہے۔ بہت سے لوگوں کو کرایا الحمد للہ سب سکون میں ہیں۔ آپ بھی کریں۔

طریقہ

کالا سوٹ + وزن برابر گندم۔ مرضی صدقہ کر دیں۔ ان سے زیادہ کوئی چیز قیمتی یا عزیز نہیں۔ اب سوا لاکھ مرتبہ استغفار پڑھ لیں۔ پھر 786 مرتبہ بسم اللہ پڑھ لیں۔ اب پاس بہتا پانی سمندر۔ دیار۔ جھرنوں کا رکھیں۔ بارش کا تو بھی اچھا ہے۔

اب 101 مرتبہ عمل پڑھیں اول آخر درود شریف پھر یہ پانی پی لیں نہا لیں۔ گھر دوکان۔ کاروبار کی جگہ چھڑک دیں روزانہ۔

عمل

یا خالق۔ یا مخلص۔ یا ابن یا عباس
یا خضر خواج۔ یا مہتر الیاس۔ یا مراعیل۔
یا مسخر آئیل
فلقلیحر بنی اسرائیل بحق یا بدوح بحق یا بدوح
یا بدوح یا بدوح اللہ الصمد یا حنان یا منان یا
عزیز یا روف یا کریم۔

نقش حاصل کرنے کے لئے ادارہ سے رابطہ کریں۔

میرے والد کا ایک وظیفہ جس نے کیا کمی آور وظیفہ کو کاروبار آمدن کے لئے اور کچھ نہ پڑھا۔ کیونکہ دولت اور خلق قدموں میں آ گئے کاروبار چل پڑا اس کے ساتھ یا لطیف اور شرف شمس کا طلسم بھی رکھا۔ آپ بھی آزما کر دیکھیں اور لطف اٹھائیں بعد نماز فجر درود ابراہیم گیارہ مرتبہ سورۃ قدر 3 مرتبہ سورۃ اذا جاء نصر اللہ 25 مرتبہ اور سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر 70 مرتبہ دعا پڑھیں تمام عمل رخ مشرق رکھ کر کریں۔

سزایو۔ لزرع۔ زوشا۔ منوعا۔ غالیما۔ یتضون۔
سلیخا۔ ملیخا۔ ملخوما۔ یاقیوما۔ بحق کھیعص
۔ حمعسق۔ گیارہ بار درود شریف۔

اجب یا تکفیل اجب یا رفتمائیل اجب یا دردائیل اجب یا جرائیل احفرو المحرات رجال والنساء بنات حوا آدم یا لطیف = 129 مرتبہ۔

(اوج شمس) **حل مشکل و حاجت** ۔ لباس طہارت بخور کے ساتھ سعد ساعت سے قبل دو رکعت نفل حاجت پڑھیں الحمد شریف 20 مرتبہ 20 مرتبہ سورۃ اخلاص اور 3 مرتبہ سورۃ قدر پڑھیں بعد سلام آسمان تلے ہی سر ننگا کر کے اجب یا وھاب بحق یا وھاب چھ مرتبہ پڑھیں پھر کھڑے ہو کر دعا مانگیں سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 26+27 پڑھ کر پھر بیٹھ کر یہی اسم یا وھاب 800 مرتبہ پڑھ لیں پھر کھڑے ہو کر اسی طرح دعا مانگیں پھر بیٹھ کر 684 مرتبہ اسم یا وحاب پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر سورۃ توبہ کی آیت لقد جاء پڑھ کر دعا مانگیں۔

درج بالا اسم الہیہ کا نقش ابجد قمری نام سائل مع والدہ اعداد شامل کر کے مربع آتشی تانبہ یا سونے پر پُر کریں۔ بعد عمل ہمیشہ اسمائے مذکورہ کا ورد بعد نماز فجر ورد میں رکھیں۔ شرینی ایک مرغی 101 روپیہ کسی فقیر کو دے دیں اور مقصد کو پا لیں۔

جفر رحمکاریہ — اوج شمس

تحریر:- سید شعیب الرحمٰن شاہ (ایبٹ آباد)

اس سال اوج شمس (11) جولائی صبح 3:08 منٹ سے (12) جولائی صبح 4:18 منٹ تک رہے گا۔ اس وقت اوج شمس کے دوران قمر در عقرب بھی آ رہا ہے۔ لہٰذا عاملین اور جفار لوگ دودھ اور چاول باجرہ اور گوشت کا صدقہ اتاریں۔ تاکہ اس کی نحوست دور ہو سکے۔ اس وقت اوج شمس کے دوران میں عاملین جفر کیلئے لوح تحفظ نحوست سیارگان تحفہ روحانیات کی نظر کرتا ہوں۔ یہ عمل میری کتاب جس کی میں ابھی کتابت کر رہا ہوں۔ الہامات جفر جو کہ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب ادارہ تحفہ روحانیات سے شائع کرونگا اس میں یہ عمل موجود ہے۔

یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے کہیں دستیاب نہ ہوگا۔ یہ تحفظ لوح خالص سفید کاغذ پر عنبر و زعفران سے لکھ کر بازو پر یا اپنے پاس رکھیں اور روزانہ دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ سورۃ فاتحہ کے بعد (11) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ اس کا ثواب حضرت علی کو بخشیں آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل سید محمد ایاز مزمل صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔



انوار الجفر اوج زہرہ

اس سال زہرہ کی اوج 24 جولائی صبح 9:31 منٹ سے 25 جولائی صبح 6:38 منٹ تک رہے گی برج جوزا کے 22 درجہ پر اوج ہوتی ہے اس سعد وقت میں رجوع خلق۔ تسخیر مخلوقات اور مقبول بننے کے لئے لوح سعادت زہرہ ہر سال تیار کرتی ہوں اور آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کے لئے ایک خاص کے ساتھ حاضر خدمت ہوں یہ عمل حکیم افلاطون کا ہے عمل مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ الرحمٰن اعداد قمری = 1201214

طالب شعیب الرحمٰن اعداد قمری = 712

مقصد تسخیر خلق = اعداد = 2000

کل اعداد = 1203926

تفریق = 86940

باقی = 1116986

تقسیم = 4

باقی 2 تو خانہ نمبر 9 میں ایک اضافہ حاصل تقسیم 279246 کو خانہ نمبر 1 تا خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 2898 کا اضافہ کرنا ہے یعنی خانہ سے ہر خانہ میں 2898 کا اضافہ ہوگی میزان چار طرف سے درست ہوگی اور ساتھ میں 28 مرتبہ آیات سورۃ توبہ آخری آیات لقد جاءکم تا رؤف الرحیم۔ ورد بھی کرنا ہے اس لوح سعادت زہرہ کی برکت سے ترقی دولت ترقی مرتبہ رجوع خلق حاصل ہوگی اس عمل کو ہر خاص اور عام کو دعوت دیتا ہوں کہ اپنے لئے خود تیار کریں اور اللہ تعالیٰ کی نعمت سے فائدہ حاصل کریں اس عمل کی اجازت محترم ایاز مزمل شاہ صاحب سے حاصل کریں۔

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

۷۸۶

جبرائیل

ال ر ک ک ی ع ص ح م ع س ق ی س

۲۹۹۵۳۲	۳۰۸۲۲۷	۳۱۶۹۲۱	۲۷۹۲۴۶
۳۱۴۰۲۳	۲۸۲۱۴۴	۲۹۶۶۳۴	۳۰۱۱۲۵
۲۸۵۰۴۲	۳۲۲۷۱۷	۳۰۲۴۳۱	۲۹۳۷۳۶
۳۰۵۳۲۹	۲۹۰۸۳۸	۲۸۷۹۴۰	۳۱۹۸۱۹

میکائیل

یاعلی علیہ السلام

اللھم سخرت جمیع فلتک

کما سخرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام

وکفی باللہ شہیداً محمد رسول اللہ

رحمکاریہ الجفر (اوج زہرہ)

زہرہ کو برج جوزا کے ۲۲ درجہ پر اوج ہوتا ہے اس سعادت اکبر وقت رجوع خلق تسخیر مخلوقات اور مقبول بننے کے لئے یہ عمل تیار کرتی ہوں اس سال زہرہ کی اوج 27 جون 13 بجکر 50 منٹ سے شروع ہوگی 28 جون 2003ء 9 بجکر 52 منٹ تک ہوگی اس دوران زہرہ کی ساخت میں کام کرنا ہے تو آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لئے ایک خاص عمل کے ساتھ حاضر خدمت ہوں میں ہر سال اوج زہرہ میں لوگ کو عمل تیار کرتی ہوں

آج کی محفل میں رحمکاریہ الجفر کی ایک طلسمی انگوٹھی بنانے کا قاعدہ لکھتی ہوں۔ یہ طلسمی انگوٹھی چاندی اور سونے کی بنتی ہے طلسمی انگوٹھی رحمکاریہ الجفر کے کمالات میں سے ہے۔

یہ طریقہ حکیم افلاطون اور حکیم طمطم ہندی کا خاص قاعدہ ہے اس عمل میں ایسی سورتوں کے نام لیں جو پیغمبر اور ذاتی ناموں سے بنتی ہوں۔ سورۃ آل عمران سورۃ یٰسین۔

سورۃ ھود۔ سورۃ یوسف۔ سورۃ ابراہیم۔ سورۃ طٰہٰ۔ سورۃ نور۔ سورۃ الفرقان۔ سورۃ ص۔ سورۃ مومن۔ سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ سورۃ ق۔ سورۃ الرحمٰن۔ سورۃ ملک۔ سورۃ نوح۔ سورۃ مزمل۔ سورۃ مدثر

طالب معہ والدہ مقصد تسخیر خلق۔

اب ان سورتوں کا اور طالب معہ والدہ اور مقصد کے حروف الگ الگ کر کے آپس میں مترادف کے بعد ان سے حروف نورانی الگ کر کے ان کے اعداد اور اعداد کے حروف نکال کر آگے کلمہ "ائیل" لگا کر موکل......اور تمام حرفوں سے حروف ناطقہ الگ کر کے اس کے اعداد نکال کر ان کے حروف بنائیں اور حروف کے آگے کلمہ "یوش" لگا کر اعوان العمل تیار کر لیں تیسرے تمام حروف سے حروف صوامت الگ کر کے ان کے اعداد نکالیں اعداد کے حروف پیدا کر کے حروف کے آگے کلمہ (طیش) (طیش) لگا لیں۔ یہ جنات العمل ہوگا اب انگوٹھی سونے اور چاندی کی Mix بنائیں انگوٹھی کے اوپر ایک فرضی کرسی نشین مرد کی تصویر بنائیں اس کے سامنے یہ ظاہر کریں کہ بے انداز لوگ آ رہے ہیں اس تصور میں طالب کے سر پر موکل کا نام لکھیں اور پیٹ میں دائیں طرف جنات العمل لکھیں اور تصویر کے بائیں طرف اعوان العمل لکھیں اب حروف نورانی کے اعداد سے اسم اعظم پیدا کریں اور اس کے اعداد کے مطابق وہ اسم اعظم

۷۸۶

۳۱	۱۲۶	۱۶۷	۷۱
یابدوح	انیسہ	جلب قلب	شعیب الرحمن
۱۶۶	۷۱۳	۳۰	۱۲۷
۷۱۴	۱۶۹	۱۲۴	۲۹
۱۲۵	۲۸	۷۱۵	۱۶۸

یا بدوح شعیب الرحمن جلب قلب

انیسہ کی محبت میں دیوانی ہو

بحق یا بدوح العجل الساعہ الوحا

یا بدوح شعیب الرحمٰن جلب قلب انیسہ کی محبت میں دیوانی ہو بحق یا بدوح العجل الساعہ الوحا یہ دو نقش لکھیں ایک کو اپنے پاس گلے میں ڈالیں دوسرا کو آگ میں دفن کریں۔

اگر یہ جفر کا عمل کوئی شخص خود تیار نہ کر سکیں تو عامل ایاز مزمل صاحب سے رجوع کریں عمل حب کا سادہ عمل تیار کرتی ہوں کیونکہ ہر شخص آدمی علم الجفر کا استاد نہیں ہوتا ہے۔ عمل یہ ہے یہ نقش درخت سے باندھ دیں۔

فلاں بن فلاں علی حب

فلاں بن فلاں بے قرار

شو حاضر شو

یہ نقش درخت سے باندھ دیں

اس نقش میں چار طرف ۵ مرتبہ یا علی لکھیں

یہ نقش درخت سے باندھ دیں اس نقش میں چار طرف 3 مرتبہ یا علی لکھیں۔

کھیعص حمعسق

بحق آدم و حوا
فلاں بن فلاں علی حب
جلب قلب فلاں بن فلاں
بے قرار شو حاضر شو حاضر
شو بحق ك لا ی ع ص ح
م ع س ق

یہ نقش پتھر کے نیچے دفن کریں

یہ نقش پتھر کے نیچے دفن کریں۔

۷۲۴	۷۲۷	۷۳۰	۷۱۷
۷۲۹	۷۱۸	۷۲۳	۷۲۸
۷۱۹	۷۳۲	۷۲۵	۷۲۴
۷۲۶	۷۲۱	۷۲۰	۷۳۱

سب سے پہلے طالب کا نام معہ والدہ درمیان میں جلب قلب پھر مطلوب معہ والدہ لکھیں یہ نقش اپنے پاس رکھیں۔

اوج شمس

شمس چلتے چلتے جب برج سرطان کے 20 درجے پر پہنچتا ہے تو اسے اوج حاصل ہوتا ہے اوج شمس کیلئے آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کیلئے لوح خصوصی ترقی کے ساتھ حاضر ہوں۔ اس سال اوج شمس (11) جولائی صبح 3:08 منٹ سے 12 جولائی صبح 4:18 منٹ تک رہے گا۔

اوج شمس میں اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں جو کہ ترقی و فتوحات کیلئے پر تاثیر ہوتے ہیں۔ جن لوگوں کی ترقی برسوں سے رکی ہوتی ہے۔ تو یہ لوح ان کی کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

عمل درود مکرم سادہ اعداد=43106

طالب شعیب الرحمن=712

الہ الالھۃ الرفیع جلالہ

اعداد=974

کل اعداد=44080

تفریق=16380

باقی=27700

تقسیم=6

باقی=4

تو خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ

حاصل تقسیم=4616

کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 36 تک خانہ میں 156 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا قیوم کا ورد کریں۔

اس طرح میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے اسے ضرور آزمائیں آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمان شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

۱۲	۱۹	۳۰	۳۱	۱۸	۱
۱۳	۳۳	۱۱	۲	۲۸	۲۴
۲۹	۳	۱۴	۲۳	۱۰	۳۲
۴	۲۷	۱۵	۲۲	۳۴	۹
۱۷	۸	۳۵	۲۶	۵	۲۰
۳۶	۲۱	۶	۷	۱۶	۲۵

ال ل لا ال ل لا ال ل لا

قول

۶۳۳۲	۷۳۲۵	۹۱۴۱	۹۲۹۷	۷۲۶۹	۴۶۱۶
۶۴۸۹	۹۶۰۹	۶۱۷۶	۴۷۷۲	۸۸۲۹	۸۲۰۵
۸۹۸۵	۴۹۲۸	۶۶۴۵	۸۰۴۹	۶۰۲۰	۹۴۵۳
۵۰۸۴	۸۶۷۳	۶۸۰۱	۷۸۹۳	۹۷۶۵	۵۸۶۴
۷۱۱۳	۵۷۰۸	۹۹۲۱	۸۵۱۷	۵۲۴۰	۷۵۸۱
۱۰۰۷۷	۷۷۳۷	۵۳۹۴	۵۵۵۲	۶۹۵۷	۸۳۶۱

ماشاء اللہ

فیضان الجفر
اوج زہرہ — تثلیث زہرہ مشتری
چہرے کی خوبصورتی

تحریر: شہزادہ منظور علی سموں
ٹنڈو محمد خان (سندھ)

قارئین تحفہ روحانیات السلام علیکم!

جب مبارک وقت کا موقع اللہ تبارک وتعالیٰ نے فراہم کیا ہے تو پھر یہ خاکستار بندہ اس راز کو ظاہر کیوں نہ کرے۔ ہمیشہ تحقیقی مضامین کے گلدستہ کے ساتھ حاضر ہوتا ہوں تا کہ قارئین کو نئے راز اور نئے تحفے ملیں۔ ورنہ لوگ تو عقل استعمال کرنے کے بجائے نقل مضامین اپنے نام سے شائع کروانے کے عادی بن چکے ہیں۔ لیکن ایسا کرنا میرے ضمیر کے خلاف ہے۔ اس ماہ دو اہم اوقات اوج زہرہ اور تثلیث زہرہ مشتری حاصل ہوں گے۔ مندرجہ ذیل عمل حضرات وخواتین کے لیے یکساں مفید ہے۔ لیکن خواتین پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ کیونکہ زہرہ عورت سے منسوب ہے۔ اور مشتری مرد سے منسوب ہے۔ زہرہ حسن جمال خوبصورتی پیار ومحبت کا سیارہ ہے۔ اکثر خواتین چہرے کی بگڑتی ہوئی حالت کو سنوارنے کے لیے فیس کریم لوشن پاؤڈر طرح طرح کے میک اپ اور دوائیاں بھی استعمال کرتی ہیں۔ سینکڑوں میں سے کسی ایک کا ستارہ چمک اٹھتا ہے۔ باقی سب زیرو رزلٹ آج کل ہر ایک عورت پر کشش حسین وخوبصورتی کی خواہش رکھتی ہے۔ داغ دھبے دانے ختم ہو کر چہرہ ایسا صاف وشفاف نظر آئے کے لوگ دیکھتے ہی دنگ رہ جائیں۔ اور اس کے حسن کی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں۔

جی ہاں میرا یہ مضمون خصوصی طور پر ان خواتین کے لیے ہے جو ایسی خواہش رکھتی ہیں۔

اوقات

اوج زہرہ: ۔24 جولائی 9 بجکر 31 منٹ صبح تا 25 جولائی 6 بجکر 38 منٹ صبح تک

تثلیث زہرہ مشتری: ۔26 جولائی دوپہر 2 بجے تا 28 جولائی 4 بجکر 11 منٹ صبح تک

ترتیب: ۔مندرجہ بالا دونوں اوقات کے دوران مندرجہ ذیل نقش سفید کاغذ پر عرق گلاب عنبر زعفران کی رنگدار سیاہی سے تیار کریں۔ ساعت زہرہ کا انتخاب کریں 2 عدد نقش تیار کریں۔ ایک نقش لاکٹ وغیرہ میں بند کر کے گلے میں پہن لیں۔ اور دوسرا نقش پانی میں گھول کر صبح وشام چہرے کو اس پانی سے دھوئیں کچھ دنوں تک مسلسل ایسا کریں نقش چال کے مطابق بھریں۔

انشاء اللہ چہرہ صاف وشفاف حسن وخوبصورتی میں اضافہ ہوتا جائے گا لوگ آپ کی سحر انگیزی رنگت مقناطیسی کشش نکھار خوبصورتی حسن وجمال کا کمال دیکھ کر حیران رہ جائیں گے اور آپ کے اوپر فدا و نثار ہوں گے ان کا جینا جنجال ہو جائے گا اور شادی کی خواہش رکھیں گے۔

اس نقش مبارک سے شادی شدہ اور غیر شادی شدہ حضرات وخواتین فیض اٹھا سکتے ہیں۔

۷۸۶

۷۰ ۱۴	۵۶ ۱	۶۳ ۸	۶۷ ۱۱
۶۲ ۷	۶۸ ۱۲	۶۹ ۱۳	۵۷ ۲
۶۵ ۹	۶۱ ۶	۵۸ ۳	۷۲ ۱۵
۵۹ ۴	۷۱ ۱۶	۶۶ ۱۰	۶۰ ۵

لکھاری حضرات

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے تمام محترم لکھاری حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنی تحریر کاغذ کے ایک جانب واضح لکھ کر ارسال کریں اور خاص طور سے عربی آیات کا حوالہ یا اعراب لازمی لگایا کریں کوشش کریں کہ عام فہم زبان کا استعمال ہو۔

علم النفس

تحریر:۔
ایم اے کربلائی
(اسلام آباد)

جیسا کہ گذشتہ قسطوں میں بتا چکا ہوں کہ جس نتھنے سے سانس زیادہ آ رہی ہو اسے نفسِ جاری اور جس نتھنے سے کم سانس آ رہی ہو اسے نفسِ مسدود کہتے ہیں اب غور کریں جب سانس ایک نتھنے سے دوسرے نتھنے میں منتقل ہوتی ہے تو ایک ایسا وقت آتا ہے جب دونوں نتھنوں میں برابر سانس ہوتی ہے اسی حالت کا نام نفسِ متساویہ ہے۔ جسم کے دائیں حصہ کا تعلق شمس سے ہے اور بائیں حصہ کا تعلق قمر سے ہے اسی لئے جب سیدھا نتھنا چل رہا ہو تو اس کو شمسی سر کہیں گے اور جب بائیاں نتھنا چل رہا ہو تو اس کو قمری سر کہتے ہیں جیسا کہ دیگر علوم میں قمری ماہ ہی استعمال ہوتا ہے علم النفس کا تعلق بھی قمری ماہ سے ہے۔ آپ کو معلوم ہے قمری ماہ کے دو حصے ہیں ایک زائد النور اور دوسرا ناقص النور۔ چاند کی یکم سے چودھویں تک زائد النور ہے اور چودھ سے اٹھائیس تک ناقص النور کا دور ہے جبکہ ماہ کے آخری ایک دو دن میں چاند کہیں نظر نہیں آتا۔ دراصل چاند اس وقت قمر میں شمس سے گزر رہا ہوتا ہے۔ اس کو قمر در احتراق کہتے ہیں۔

علم النفس میں پہلا حصہ تو بلکل ایسا ہے جیسا کہ علم جفر کا حصہ اخبار اور علم النفس کا دوسرا حصہ علم جفر کے حصہ آثار کی طرح ہے یعنی اس حصہ میں اعمال علم النفس پر بحث کی جاتی ہے۔

آپ کو معلوم ہے کہ سر چلنے کا قدرتی وقت دو گھنٹے ہیں۔ اگر اس میں کمی و بیشی ہو سکتی ہے مگر کمی و بیشی بہت ہی معمولی ہوگی۔

اب آپ اپنی سانس کا حساب رکھیں اگر تو سانس اپنے ٹائم پر تبدیل ہو رہی ہے تو آپ بے فکری سے زندگی بسر کریں لیکن جب سانس اپنے وقت سے پہلے یا دیر سے تبدیل ہو تو سمجھ لیں کہ کوئی حادثہ یا اہم واقعہ رونما ہونے والا ہے۔ قدرت کا قانون ہے کہ ماہ قمری کی پہلی تاریخ کو طلوع آفتاب کے وقت ہمیشہ قمری سر چلتا ہوگا اور تین دن تک برابر قمری سر چلتا رہے گا آزما کر دیکھیں کبھی اس کے خلاف نہ پائیں گے ہاں اگر کبھی قمری ماہ کی پہلی تاریخ کو شمسی سر چل رہا ہو تو جان لیں کہ اگلے پندرہ دن ترنج والم میں گزریں گے کوئی حادثہ بھی پیش آ سکتا ہے۔

آپ کی آسانی کے لئے شمسی اور قمری سروں کے چلنے کی تواریخ لکھے دیتا ہوں
قمری:۔ ۱، ۲، ۳، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۵، ۲۶، ۲۷۔
شمسی:۔ ۴، ۵، ۶، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۸، ۲۹، ۳۰۔

اب یہ آپ کا کام ہے کہ آپ سروں کی تاریخوں کا خیال رکھیں ۔ رد کیھ لیا کریں کہ آیا موافق سر چل رہا ہے یا مخالف اگر موافق سر چل رہا ہے تو اچھا ہے لیکن اگر مخالف سر چل رہا ہے تو جان لیں کہ کوئی بڑا نقصان ہوگا۔ یہ تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ سر موافق ہے یا مخالف۔ اگر مخالف ہو تو کیا کریں یقیناً اس کا کوئی علاج ہونا چاہئے تو علمائے علم النفس کا کہنا ہے کہ اگر مخالف سر کو بند کر دیا جائے تو آنے والی مصیبت بھی بند ہو جاتی ہے یا بہت ہی کمزور ہو جاتی ہے علماء کا اتفاق اس بات پر ہے کہ اگر سر کو اس کے قدرتی ٹائم کے لحاظ سے ڈھال لیا جائے تو ایسا آدمی خوش و خرم صحت مند اور لمبی زندگی گزارتا ہے۔

جب سانس کا بھاؤ سیدھے نتھنے میں زیادہ ہو تو اس کو شمس سر کہتے ہیں۔ اس کا ستارہ سورج اور رنگ سرخ ہے۔ اس سر میں عمل عداوت کرنا۔ تفرقہ ڈلوانا۔ سفلی عمل پڑھنا۔ کسی کو تباہ و برباد کرنا۔ دھوکہ و فریب کرنا۔ برا کام کرنا۔ طلاق دینا۔ کالا جادو کرنا و دیگر منفی اقدامات کرنا بہتر ہیں میں یہ نہیں کہہ رہا کہ آپ یہ کام کریں لیکن باقاعدہ علم یہ کام کرنا بہتر ہیں کیونکہ اس سر میں ان کاموں میں کامیابی ہوتی ہے۔

جب سانس کا بھاؤ الٹے نتھنے میں زیادہ ہو تو اس کو قمری سر کہتے ہیں اس کا ستارہ قمر یعنی چاند ہے اور رنگ سفید ہے اس سر میں تجارت کرنا' کاروبار کرنا' ہنر سیکھنا' پودے لگانا' باغ لگانا' پڑھنا' مکان بنانا اور دیگر مثبت نوعیت کے کام کرنے سے جلد کامیابی ہوتی ہے۔

جب دونوں نتھنوں سے برابر سانس چل رہی ہو تو اس کو نفس متساویہ کہتے ہیں اس کا کوئی رنگ نہیں ہے اور ستارہ عطارد ہے۔ اس سر میں عبادت کرنا۔ مدرسہ میں چندہ دینا۔ شادی بیاہ کرنا۔ قبروں کی زیارت کرنا۔ افسروں سے ملاقات کرنا مفید ہے۔

اگرچہ نفس کا تعلق ہفت سیارگان سے ہے لیکن علم النفس میں یہی تین سر مسائل کا جواب دیتے ہیں ہاں جو لوگ علم النفس کے ساتھ ساتھ علم تصوف بھی سیکھنا چاہتے ہوں ان کو ضروری نفس کا تعلق ہفت سیارگان کا جاننا چاہئے۔ خیر یہ تعلق میں پھر بیان کروں گا ابتداء میں اس کا موقع محل نہیں۔

غور کریں جب بھی آپ کا قمری سر چلتا ہوگا اس وقت آپ کا جسم ٹھنڈا ہوگا اور جب شمس سر چلے گا جسم گرم ہوگا آپ تھرمامیٹر سے بھی اس قانون کی تسلی کر سکتے ہیں یاد رکھیں ہمیشہ ایسا ہی ہوگا۔ کیونکہ چاند سرد ہے اور سورج گرم ہے۔

چلیں آزما کر دیکھیں۔ آپ کی فیملی میں جب بھی کسی کو بخار چڑھے تو آپ سخت بخار کے وقت مریض کے سروں کا امتحان لیں۔ سخت بخار اس وقت ہی ہوگا جب شمسی سر چلتا ہوگا۔ اور جیسے ہی مریض کا قمری سر چلے گا بخار بھی ہلکا ہو جائے گا آپ اس کو باقاعدہ تھرمامیٹر سے دیکھ سکتے ہیں۔

ایک اور بات یاد رکھیں پیاس کی شدت ہمیشہ شمسی سر میں زیادہ ہوگی اور بھوک کی شدت قمری سر میں زیادہ ہوگی۔

جب بھی نفسِ متساویہ چلتا ہو تو کوئی بھی نیا کام شروع نہ کرو کیونکہ اس کا تعلق عطارد سے ہے اور عطارد مخنث ہے اور یہ اپنی ذات میں نہ نیک ہے نہ بد۔ لیکن صفت میں نیک یا بد ہو سکتا ہے۔ خیر یہ لمبی بحث ہے۔ یہاں صرف یہ یاد رکھیں کہ عطارد کے وقت کوئی نیا کام نہ کریں ہاں جو کام کر رہے ہیں اگر بیچ میں نفسِ متساویہ کا دور آ جائے تو کوئی بات نہیں لیکن خود کوئی نیا کام شروع نہ کریں۔

قانون علم النفس کے مطابق جب بھی خوشی، دولت، نفع کی خبر ہوگی اس وقت قمری سر چلتا ہوگا۔ اور جب بھی کوئی نقصان، قتل و غارت، چوری ڈاکہ یا بیماری کی خبر ہوگی اس وقت شمسی سر چلتا ہوگا۔ تجربہ کریں درست پائیں گے۔

آگے چل کر آپ کو طب نفسی یعنی علم نفس کے ذریعے بیماریوں کے علاج کے بارے میں آگاہ کروں گا یہ بھی علم النفس کی حیرت انگیز شاخ ہے۔ علم النفس کے ذریعے بغیر کسی دوا کے بیماریوں کا علاج ممکن ہے۔

میں نے شروع میں بیان کیا ہے کہ آپ قمری ماہ کی پہلی تاریخ کو اپنے سر کا امتحان کریں طلوع شمس کے وقت قمری سر جاری ہوگا اسی طرح پندرہ تاریخ قمری کو طلوع شمس کے وقت شمسی سر جاری ہوگا اگر اس کے برعکس ہو تو کسی حادثہ کی علامت ہے یا وہ عرصہ بہت ہی رنج والم میں گزرے گا یہ ایسے قوانین ہے جن کے خلاف کبھی نہیں ہوا کرتا۔ ہاں صرف قدرت کو یہ اختیار ہے کہ وہ سعادت کو نحوست اور نحوست کو سعادت میں بدل دے وہ چاہے تو زحل کو سعد اکبر اور مشتری کو نحس اکبر کر دے لیکن علم کے قوانین ایسے ہی ہیں جیسا میں بیان کر آیا ہوں۔

جس وقت شمسی سر چلتا ہوگا خوشبو یا بدبو کا احساس کم ہوگا اس کے برعکس جب قمری سر چلتا ہوگا خوشبو اور بدبو کا احساس دور ہی سے ہو جائے گا۔ دن میں متعدد بار ایسی صورتِ حال پیش آتی ہے جب خوشبو یا بدبو کا احساس نہیں ہوتا آزما کر دیکھیں اس وقت نفس متساویہ یا شمسی سر چلتا ہوگا۔

یہاں ایک اور بات کی وضاحت کرتا چلوں اکثر لوگ شکایت کرتے ہیں کہ دعا یا بددعا قبول نہیں ہوتی میں آپ کو اس کا حل بھی بتاتا ہوں غور سے دیکھیں کہ آپ کا نفس متساویہ کب چلتا ہے احتیاط سے غور کریں کیونکہ اس کا ٹائم تین سے پانچ منٹ ہوتا ہے جب آپ کو یقین ہو جائے کہ اب نفس متساویہ چل رہا ہے اب آپ خشوع وخضوع سے دعا کریں یا بددعا کریں انشاء اللہ قبول و منظور ہوگی یہ علم کا خاص نکتہ تھا جو میں۔ [illegible]ل بیان کر دیا

وما علینا الا البلاغ

تسخیر مخفیات

ترکیب عمل ہمزاد 7 روزہ

تحریر:۔سید شبیہ الحسین رضوی (کاشانہ الحسینی کراچی)

بروز منگل اگر دن کو کرنا ہوتو وہ وقت دوپہر اور اگر رات کو کرنا ہوتو وقت آدھی رات کو باوضو طرف سورج یا چاند کے منہ کر کے ایک سو مرتبہ سورۃ تکاثر پڑھے پھر اپنے انگوٹھے کی طرف دیکھے اور سات مرتبہ پڑھے۔ پھر دفعتاً اپنے سر کے اوپر طرف آسمان کے نظر کرے اور ۲۱ مرتبہ پڑھے پھر دفعتاً اپنی نظر کو پیر کے انگوٹھے کی طرف کرے اور ۹۳ مرتبہ پڑھے اس وقت ایک پتلا وہاں نظر آئیگا لیکن اثنائے عمل خوانی میں پلک مطلق نہ جھپکے جب تک یہ مجموعہ ۲۲۱ دو سو اکیس مرتبہ پورا نہ ہو جائے دوسرے روز بدھ کو اسی طرح سورج یا چاند کی طرف منہ کر کے جیسے پہلے دن کیا تھا نظر پاؤں کے انگوٹھے پر رکھے اور ۲۰۰ بار پڑھے اس کے بعد دفعتاً اوپر نظر کر کے ۲۱ بار پڑھے۔ پھر وہی پتلہ نزدیک معلوم ہوگا۔ علیٰ ہذا اسی طرح پانچ روز اور پڑھے یعنی کل سات روز پڑھنا ہوگا۔ رفتہ رفتہ وہ شکل نزدیک ہوتی جائے گی حتیٰ کہ ساتویں روز بعد ختم کے وہ پتلا سامنے کھڑا ہوگا اور مطیع و فرماں بردار ہو جائیگا۔ اس وقت آنکھ بند کر کے خوب دم بھر لے اور پھر دم کھول کر اس سے کہہ کر فرع یعنی بیٹھ جا۔ وہ بیٹھ جائیگا۔ اس وقت اس سے آنکھ کھول کر نظر لڑائیں اس وقت وہ نظر لڑائیگا۔ غرض جب تک ممکن ہو آنکھ نہ جھپکے۔ نظر لڑاتا رہے۔ جس وقت آنکھ جھپکے گی وہ فوراً غائب ہو جائے گا۔ اور اس نظر بازی کا نتیجہ یہ ہے کہ آئندہ جب کبھی اس سے کام لینا چاہے گا تو اسی قدر عرصہ میں جس قدر عرصہ آنکھ لڑائی ہے اگر وہ کام ممکن ہو سکا تو کر دے گا۔ ورنہ واپس چلا آئیگا۔ اور درمیان عمل کے اول تو ترک حیوانات جلالی و جمالی رکھے۔ دوسرے ایسے دن یا رات میں شروع کرے جس میں وقت پڑھنے کے مطلق ابر نہ ہو جہاں تک نظر جائے مطلع صاف معلوم ہو۔ اگر ایسے رات یا دن برابر میسر نہ ہوں تو ابر کے روز ناغہ کر دیں اور حساب سے جتنی مدت میں حاصل ہو سکے یہ سات روز پورے کرے۔ لیکن یہ خیال رہے کہ اس ۲۲۱ مرتبہ کی پڑھائی کے وقت ہرگز پلک نہ جھپکے بلکہ پہلے اس کی مشق کرنے۔ جب اچھی طرح مشق ہو جاوے تب اس سے کام لے اثنائے عمل خوانی میں اگر نقص واقع ہوا تو مفت میں نقصان اٹھانا پڑے گا۔ اور بینائی میں فرق پڑ جائے گا۔ یہ صدری مجربات ہیں جو نا اہل سے پوشیدہ رکھے جاتے ہیں۔ اس لئے پہلے تمام ہدایات کو اچھی طرح ذہن نشین کرے۔ پھر عمل شروع کرے۔

خاتمہ اثرات بد

تحریر:۔ محمد ابراہیم (کراچی)

محترم قارئین کرام **تحفہ روحانیات**!

فی زمانہ سب سے زیادہ جس شعبہ نے بہت زیادہ ترقی کی ہے وہ عملیات ہے۔ ہر تیسرا شخص بے روزگاری' بیماری' جادو ٹونہ سے ڈسا ہوا ملتا ہے اگر خدانخواستہ مکمل تحقیق کے بعد آپ پر جادو' تعویزات' سفلی' بنگالی' ذکری وغیرہ ثابت ہو جاتا ہے تو پھر آپ کی رہنمائی کیلئے خلوص نیت سے تیار ہیں کوشش آپ کی ہوگی رہنمائی ہم کریں گے۔ اس کا معاوضہ صرف اور صرف دعا اور خاتمہ ایمان کے ساتھ اور دین پر استقامت کی دعا ہوگی۔

عمل کا طریقہ توجہ کے ساتھ ذہن نشین کر لیں۔ ۴۱ عدد اگر بتی صندل یا عود کی لیں اور ہر اگر بتی پر وَاِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُم جَبَّارِ ۱۱'۱۱ مرتبہ بمعہ درود شفا یا درود مزمل ۱۱'۱۱ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کریں اس کے علاوہ پانی کی بوتل پر مذکورہ آیات مبارکہ 313 بار بمعہ درود مزمل ۱۱'۱۱ پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی مریض کو پلائیں اس کے علاوہ اور پانی نہ پلائیں۔ اب صبح و شام ایک ایک اگر بتی مریض کے سر کی جانب جلائیں اگر بتی کی راکھ کو ضائع نہ کریں بلکہ سنبھال کر رکھیں اگر بتی مکمل ختم ہو جائیں تو مریض کو دم شدہ پانی کے چند گھونٹ پلائیں 20 ایام کے بعد اگر بتیوں کی راکھ کو لے کر مریض کے پورے جسم پر پوشیدہ جگہوں کو چھوڑ کر مالش کی شکل میں مل لیں خصوصاً سینے اور دل پر۔ چند منٹ کے بعد مریض کو نہلائیں کوشش کریں کہ مندرجہ بالا آیت کا نقش مربع کی شکل میں اعداد کے ساتھ لکھ کر پانی کی بالٹی میں ملا کر مریض کو نہلائیں۔

آسانی کے لئے آیت کے اعداد 1866 کل اعداد ہونگے جو تحریر کر دیئے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ صدقہ محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی مرتبہ کے عمل سے بداثرات جادو وغیرہ سے مکمل نجات مل جائے گی۔ اگر مناسب سمجھیں تو نقش اسی آیت کا لکھ کر گلے میں ڈال سکتے ہیں۔

(نوٹ) دم کیا ہوا پانی اور نقش والا پانی گٹر میں نہ جائے باغیچہ میں ڈالیں۔ مزید کوئی وضاحت مقصود ہو تو مندرجہ ذیل فون نمبر پر رابطہ فرمائیں۔

خط و کتابت کیلئے

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

پی او بکس نمبر: 36 ملتان

فیوض العملیات

تحریر: قسور حسن میلسی

معزز قارئین ماہ جولائی کا مہینہ اعمال کے لحاظ سے ایک نہایت بہترین مہینہ ہے۔ کیونکہ اس ماہ میں اس سال اوج زہرہ اوج شمس، چاند گرہن اور سورج گرہن ہیں۔ تسخیر محبوب ومن پسند شادی جو لڑکیاں جن کی شادی نہ ہو رہی ہو اور ان کی عمر گزرتی جا رہی ہو اس ماہ کے اوقات سے فائدہ اٹھائیں تو انشاء اللہ جلد ہی کوئی بہتر رشتہ مل جائے گا۔ اس کے علاوہ جاہ و جلال دشمنوں سے نجات مختلف اعمال کی زکواۃ بھی سورج گرہن اور چاند گرہن میں نکالی جا سکتی ہے لہذا اس مہینہ کو آپ بالکل ضائع نہ کریں۔ اس مہینہ سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ معزز قارئین اس بار میں اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے چند اپنے بہترین قسم کے اعمال پیش کر رہا ہوں اللہ ان اعمال کے فیوض و برکات سے آپ کو فائدہ نصیب فرماوے (آمین) اعمال سے فائدہ اٹھانے کے بعد میرے اور محمد ایاز مزمل صاحب کے حق میں ضرور دعائے خیر کریں جن کے توسط سے یہ اعمال آپ تک پہنچ رہے ہیں۔

اوج زہرہ

یہ طلسم میں نے امام غزالی کی کتاب سے لیا تھا اور تسخیر مطلوب کیلئے ایک بہترین عمل ہے آپ اسے اوج زہرہ میں آپ اسے گیارہ عدد فتیلے مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھیں پھر اس کو نئے چراغ میں خالص روغن زیتون ڈال کر روشن کریں اور اس پر سورۃ فاتحہ الشریفہ 41 بار پڑھیں انشاء اللہ کام ہوگا اور ضرور ہوگا۔ یہ عمل کم ہی دوسری بار کرنا پڑتا ہے۔ عمل یہ ہے

۱۵۱۱۱۱۸۱ع۵۱۵ ۱۱۱۱۹۹ ع۳۸۸ ل۱۱۱ △ ۱۱۱ح ۳ ۳ ۵۱۵ ۴۳

بخور = لوبان اور سوکھی دھنیا کا جلائیں یہ ایک نہایت بہترین عمل ہے اور اسے صرف جائز کاموں میں استعمال کریں۔

(ایسی لڑکی جس کی شادی نہ ہوئی ہو)

جس کی شادی نہ ہوتی ہو وہ صبح و شام 11 بار آیت الکرسی 11-11 بار چاروں قل شریف پانی پر دم کر کے پئیں اور تھوڑا سا پانی سر پر اور سینے پر بھی لگائے کچھ دن کرنے کے بعد اوج زہرہ میں یہ عمل کرے۔

یہ نقش زعفران و عرق گلاب سے تیار کرے۔

ومن کل شئی خلقنا زوجین ومن کل شئی خلقنا زوجین

۷۸۶

میکائیل — جبرائیل — کھیعص — حمعسق — ومن کل شئی خلقنا زوجین

ح	و	د	ب
ب	د	و	ح
و	ح	ب	د
د	ب	ح	و

الٰہی بحرمت اس نقش معظم فلاں بن فلاں کی جلد شادی ہو

اس نقش کے اردگرد یہ آیت شریفہ 20 بار لکھو اور پھر اسی آیت پاک کو 400 بار پڑھیں اور ہر سو کے پڑھنے کے بعد اس کو ایک بار پڑھیں۔

الھم ابعث لفلانہ بعلا صالحا من فضلک وجودك و کرمک یا ارحم الراحمین۔

فلاں پر اپنا نام مع والدہ لیں۔ اس آیت شریفہ کا مطلب بھی یہ ہے اور ہم نے ہر شے جوڑا جوڑا پیدا کی پھر نقش پر دم کر کے نقش کو عود لوبان اور برادہ صندل کی دھونی دے کر چاندی کے تعویز میں بند کروا کر گلے میں لٹکائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد آپ کے رشتہ کا بندوبست ہو جائے گا۔

اعمال گرہن۔

گرہن میں حروف صوامت کی زکواۃ کے بارے میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ آپ گرہن میں حروف تفرقہ کی زکواۃ ادا کریں۔

یہ حروف تعداد میں گیارہ ہیں

(ب ج ھ و ز ط ی ل ن ع ص) (اعدادی قمری / 280) (اعدادی شمسی / 4137)

آپ یہ گیارہ حروف سورج گرہن میں پین سے کالی سیاہی میں تھوڑا سا سرکہ ڈال کر گوگل کا بخور جلا کر 4137 بار لکھیں۔ بخور ہلکا سا جلائیں اس کے بعد بند کر دیں پھر جن کاغذوں پر آپ نے یہ حروف لکھیں ہیں ان کو زمین میں ایسی جگہ دفن کر دیں جہاں سے کوئی نکال نہ سکے گیارہ گرہنوں تک اس کی

زکواۃ اکبرادا ہو جائے گی اور زکواۃ اکبر کا عامل اعمال جدائی کا ماہر کہا جائے گا۔ پھر ان حروف سے جب بھی کام لینا ہو تو ان حروف کو مقصد میں امتزاج دیں۔

اکبر اور علی کے درمیان جدائی ہو۔

اک ب را در ع ل ی ک ے در م ی ان ج دا ی ھ د ب ج ھ و ز ط ی ل ن ع ص ب ج ھ و ز ط ی ل ن ع ص ب ج ھ۔

ان حروف کو آپس میں امتزاج دیں کر پھر ان کے اعداد شمسی لیں ان سے نقس مربع معکوس پر کریں تین نقش پر کرنے ہونگے اور امتزاج شدہ حروف ارد گرد لکھ دیں۔

طریقہ استعمال

قبر میں دفن کر دیں اور وہاں سے تھوڑی سی مٹی اٹھا لیں۔

اور دوسرے نقش کے ٹکڑے کر کے اس مٹی میں ملا کر دونوں کے گھر یا رہ گزر میں دفن کر دیں۔

تیسرا وزن کے نیچے رکھ دیں۔

انشاءاللہ سات دنوں میں جدائی ہوگی۔

عمل ظالم کو بیمار کرنا

اس نقش کو کالی سیاہی میں سر کہ ڈال کر لوہے کے قلم سے منہ میں کوئی ترش چیز رکھ کر سورج گرہن میں کافی سارے لکھ لیں۔ گوگل اور رال اور پیاز کے چھلکوں کا بخور جلائیں پھر جب کسی کو بیمار کرنا ہو اس کا نام لکھ کر اس کے دروازے کے باہر دفن کر دیں۔ اور جب اچھا کرنا ہو باہر نکال لیں۔

مہابیر تیری دھیر

ہنومان جی داس کی لاج رکھیں

۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱

مائی داس تیری آس

فلاں بن فلاں بیمار ہو

شو شنکر چلے جنتر

کرشمات حروف

تحریر: شاہینہ کنول
(ملتان)

سات الفاظ پر مبنی یہ لفظ ''روحانیت''

''روحانیت'' یہ لفظ کہہ دینے میں بہت چھوٹا معلوم ہوتا ہے مگر جب اس کے اندر اترتے ہیں تو ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے کہ انسان کی ذات اس میں فنا تو ہو سکتی ہے مگر آج تک کسی نے اس کی گہرائی کی حد کو نہیں پایا۔ ہاں......؟ اتنا ضرور ہے کہ جتنا اس سمندر میں ہم ڈوبتے ہیں کائنات کے راز اٹھتے چلے جاتے ہیں اور نئے نئے عجائبات قدرت دیکھنے کو ملتے ہیں۔ اور سب سے بڑا کرشمہ قدرت آج ہر کسی کے پاس ہے جس میں بینا لوگوں کیلئے بہت کچھ ہے۔ کہ جس سے نا صرف مدد حاصل کر کے اپنی آخرت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ بلکہ اس مادی دنیا میں بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ اور وہ ہے قرآن مجید کہ اس کے حرف اول تا حرف آخر میں روحانیت پنہاں ہے۔ لفظ ''الف'' کے بعد ''ب'' عشق والوں کیلئے درجہ کمال رکھتا ہے۔ بسم اللہ کا آغاز ''ب'' سے ہی ہوتا ہے۔ جب بسم اللہ حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی تو ابر آسمان سے مشرق کی طرف بھاگا اور ہوائے تند ساکت ہوگئی اور شیاطین کو آسمان سے نکال دیا گیا۔ حق تعالیٰ نے فرمایا۔ قسم ہے مجھے اپنے عزت وجلال کی۔ جو کوئی خلوص نیت سے جس بیمار پر میرا نام لے گا۔ شفا دونگا۔ جو کوئی شخص دولت و منصب وعزت کا خواہ یا پھر چاہتا ہو کہ لوگوں کے دلوں میں ہر دل عزیز ہو اور سب اس کی خدمت کیلئے بچھ جائیں تو اسے چاہئے کہ پنجشنبہ کو روزہ رکھے۔ اور چھوارے سے روزہ افطار کرے اور نماز مغرب پڑھ کر بسم اللہ کو اکیس اکیس بار پڑھے اس کے بعد عشاء کی نماز پڑھ کر سونے کی نیت سے لیٹے اور نیت روزے کی کرے۔ اب بسم اللہ پڑھنا شروع کردے۔ یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے اور جب صبح بیدار ہو تو روزہ جمعہ کا ہو۔ صبح کو نماز پڑھ کر بسم اللہ کو پھر ایک سو اکیس بار پڑھے اس طریقے سے بسم اللہ کو زعفران اور گلاب و عنبر سے لکھے۔ ''ب س م ال۔ ال رح م ن ا ال رح ی م'' جو کوئی مرد و عورت اس عمل کو کرے گا۔ لوگوں کی نظروں میں مثل چودھویں کے چاند کی طرح ہوگا۔ سب لوگوں کے دلوں میں اس کا وقار بڑھ جائے گا اور خوب عزت نصیب ہوگی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ جو چاہتا ہو کہ دوزخ کے انیس فرشتوں کے عذاب سے نجات ملے تو وہ بسم اللہ پڑھا کرے۔ کیونکہ اس کے انیس حروف ہیں اور ہر حروف کے ایک موکل سے نجات ملے گی۔ اس اس کو کسی مشکل یا حاجت کے وقت بھی پڑھا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار پر کہ بسم اللہ کو 786 بار بطہارت کامل سات دن تک پڑھے تو انشاء اللہ تمام مشکلات آسان ہوں گی اور تمام حاجت بر آئے گی۔ اگر کوئی کسی جگہ پر شادی کرنا چاہتا ہو۔ مگر وہ لوگ راضی نہ ہوں اور آپ خود کو ان کے قابل سمجھتے ہوں تو بسم اللہ کو 786 بار کسی کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبے میں بند کردیں۔ وہ خود رشتہ لیکر آئیں گے۔ مگر یہ عمل کرنے سے قبل استخارہ لازمی کرلیں۔ کیونکہ بعض اوقات جو ہم اپنے لیے مناسب سمجھتے ہیں وہ ہمارے لیے ٹھیک نہیں ہوتا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے کہ ہم نے نیک مردوں کیلئے نیک عورتیں اور نیک عورتوں کیلئے نیک مرد بنائے ہیں۔

24 جولائی کو زہرہ چلتے ہوئے برج جوزا کے 22 درجے پر آجائے گی۔ تو اس کو اوج حاصل ہوتا ہے۔ زہرہ کی ان ساعتوں کو محبت کے عمل کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ زہرہ پبلک کو اپنی طرف کھینچنے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ ایسے کاروباری حضرات جس میں پبلک ڈیمانڈ ہو۔ گاہک کی زیادتی اور رزق کی فراوانی کیلئے یہ نقش مبارک بے حد مفید ہے۔ اس کا وقت 24 جولائی کو 9:31 سے شروع ہو کر 25 جولائی 6:38 تک قائم رہے گا واسطے کشائش رزق اس مربع کو باطہارت ہر روز اپنے پاس رکھے اور اگربتی کی خوشبو سے معطر رکھے اور اس نقش کے بہت سے اور فائدے بھی ہیں چاہئے کہ دو مربع لکھے ایک مظہر اور دوسرا مضمر مربع مظہر پشت مضمر پر لکھے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
الرحمن	الرحیم	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	اللہ

٧٨٦

١٨٩	٢٠٢	١٩٩	١٩٦
٢٠٠	١٩٥	١٩٠	٢٠١
١٩٨	١٩٧	٢٠٥٨	١٩١
٢٠٣	١٩٢	١٩٣	١٩٨

کسی شاعر نے بسم اللہ کے بارے میں کیا خوب کہا ہے۔

خوش بگوائے بار بسم اللہ را

ہر چہ میخواہی ز بسم اللہ جوے

اسم اعظم کی دور ماضی میں ہر کسی کو تلاش تھی اسم اعظم بسم اللہ ہی میں مخفی ہے۔ بسم اللہ کی تاثیر اس قدر ہے کہ اگر چلتے پانی میں چلا جائے تو انشاء اللہ بحفاظت دریا پار ہو جائے۔ بزرگان دین نے بسم اللہ کی گردان کی تو منصب عروج پر پہنچ گئے۔ شاید میں اس کی تاثیر کی برکت کا بیان اتنا نہ کر سکوں مگر ہر چیز میں برکت بسم اللہ کہہ دینے میں رکھ دی گئی ہے۔ یہاں تک کہ تعویز اور نقوش میں بھی بسم اللہ ہی کو پہلے لکھا جاتا ہے۔ گھر یا کاروبار میں برکت نہ ہو تو لڑائی جھگڑے پریشانیاں رہتی ہیں۔ ماں کے جھگڑوں سے اولاد پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔ گھر میں خیر و برکت کیلئے اللہ کہ اس فرمان کو یاد رکھنا بہت ضروری ہے اللہ تعالیٰ فضول خرچی کرنے والوں کو ناپسند کرتا ہے۔ کاروبار میں برکت کیلئے خوش اخلاقی اور مناسب نفع لینے سے کاروبار میں ترقی ہوتی ہے۔ ان اصولوں پر کاربند ہونے کے باوجود اگر برکت نہ ہوتی ہو تو روحانی علاج یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ب س م ا ل ا ہ

ا ل و ا س ع ح

ل ر ح ل ا ل ہ

٩٩٩ ٩٩٩ ٩٩٩

مندرجہ بالا نقش سفید چمکدار یا کسی موٹی کاغذ پر لکھ کر چوکھٹ یا دیوار میں چھوٹی کیلوں سے گاڑ دیں۔ تعویز گاڑنے سے پہلے حسب استطاعت بچوں کو مٹھائی تقسیم کریں۔ بسم اللہ کے بہت خواص ہیں مگر قلت صفحہ کے باعث درج کرنے سے قاصر ہوں۔

ت:۔ یہ حرف بار دیا بس ہے۔ عدد اس کے چار سو ہیں۔ جو کوئی اس حرف کو تانبے کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں پہنے وہ دریا میں غرق نہ ہوگا۔ ایسے افراد جو ماہی گیر ہیں ان کے لیے بے حد مجرب ہے۔ قرآن پاک کے تیسرے سپارے تلک الرسول سے اس کا آغاز لفظ ''ت'' سے ہوتا ہے۔ لفظ ''ت'' میں بھی ایک نہ ختم ہونے والا روحانیت کا سمندر ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ استخارہ حاصل کرنے کے بعد میرے اور میرے استاد و روحانی باپ کیلئے دعا کریں کہ مدینہ میں جلد حاضری نصیب ہو۔ (آمین)

بقیہ زائچہ پاکستان

بھٹو صاحب کے تختہ الٹنے والے جنرل ضیاء 90 دنوں کے اندر الیکشن (انتخابات) کرانے اقتدار عوام کے منتخب نمائندوں کے حوالے کرنے کا وعدہ کر کے 5 جولائی 1977ء کو اقتدار کے سنگھاسن پر بیٹھا اور 17 اگست 1988ء پر جب ان کا طیارہ اتفاقی حادثے میں اس سمیت تباہ ہو گیا تو اس روز معلوم ہوا کہ اس نے 90 دن کے بجائے 11 سال ایک ماہ 12 دن حکومت کر ڈالی ہے اس نے 1986ء میں کرکٹ ڈپلومیسی کے بہانے انڈیا سے جا ملے۔

جنرل ضیاء کے اتفاقی موت کے بعد غیر اتفاقی طور پر محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت آئی جو کہ زیادہ تر اس بناء پر ختم کی گئی کہ اس نے (محترمہ) راجیو گاندھی سے ملاقات کر کے پاکستان اور ہندوستان کے درمیان دوستی بحال کرنے کا سمجھوتہ کی تھیں۔

بینظیر حکومت کے بعد پہلی دفعہ پنجابی وزیر اعظم اقتدار میں آیا جس کو جنرل ضیاء آگے لایا تھا۔ اس وزیر اعظم میاں نواز شریف جب واجپائی کو بذریعہ بس لاہور آنے کی دعوت دی تو ان کی حکومت ختم ہو گئی۔

وزیر اعظم نواز شریف کی منتخب حکومت کا اقتدار الٹنے والے سابق صدر جنرل پرویز مشرف پر ایک سے زائد قاتلانہ حملے ہوئے کہ اس نے ہندوستان سے دوستی کرنے کی بات کی تھی اور کشمیر کے مسئلے کو ادھر اُدھر کرنے کیلئے سوچا تھا۔

صدر آصف علی زرداری چند ماہ قبل ہندوستانی وزیر اعظم مدموہن لال سے امریکہ میں مصافحہ کر کے ایک گھنٹے تک ملاقات کی ہے بس تو اب خدا خیر کرے۔

ستمبر 2009ء تا اپریل 2010 تک کے اوضاع فلکی برے اثرات کے حامل ہیں۔

10 ستمبر 2009ء کو زحل اور یورنس کا مقابلہ 29 اکتوبر 2009ء کو زحل کا برج تبدیل۔

15 دسمبر 2009ء کو مریخ کی رجعت 18 جنوری 2009ء کو مشتری کا برج تبدیل کر لینا۔

07 فروری 2010 کو زحل اور مشتری کی مقابلہ کی نظر تو انتہائی برے ہے 8 اپریل کو زحل کی حالت رجعت میں دوبارہ برج سنبلہ میں داخل ہونا نحس ہے۔

نیا سلسلہ

مشاہدات تسخیر ہمزاد

تحریر:- محمد فہیم (لاہور)

اس روحانی سلسلہ میں تسخیر ہمزاد سے متعلق مشاہدات قبل از وقت ادارہ کو ارسال فرمائیں تا کہ آئندہ شمارہ میں مبتدی حضرات کی راہنمائی کیلئے انہیں شائع کیا جا سکے۔

ہمزاد ایک ایسا لفظ ہے جب بچپن میں میں اس لفظ کو پہلی بار میں نے سُنا تو ذہن میں اس قوت کے بارے میں کئی خیالات اور سوالات پیدا ہوئے لیکن یہ میرا طالب علمی کا زمانہ تھا مجھے ناول اور ڈائجسٹ پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ نصابی کتب کے علاوہ میرے پاس ہمیشہ دو یا تین ڈائجسٹ رہتے تھے ان کہانیوں کے پڑھنے میں ایک خاص لطف آتا تھا۔ اس کیفیت کو میں لفظوں میں بیاں نہیں کرسکتا اسی دوران اچانک میرا رجحان روحانی ناول پڑھنے کی طرف ہوگیا۔ بہت سے واقعات اور روحانی قصے ان ناولوں میں پڑھے پھر جیسے ہی میں کچھ بڑا ہوا اور شعور نے کروٹ لی میں ہمزاد کی جستجو معلومات اور تسخیر سے متعلق معلومات جمع کرنے میں مشغول ہوگیا ایک قسم کے اعمال مجھے 3 سال کی محنت میں حاصل ہوئے بلا آخر میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ جن لوگوں نے ہمزاد مسخر کرنے کے اتنے آسان اعمال دیئے ہیں اور وہ لوگ جنہوں نے ہمزاد کی تسخیر پر کتابیں مرتب کی ہیں ان میں سے خود ایک بھی ہمزاد کا عامل نہیں مختلف کتابوں سے اعمال اور مواد جمع کر کے کتاب بنادی۔ یہ سراسر دھوکہ ہے ایسی طرح جنات' پری یا مخفی مخلوق کی تسخیر کے کئی اعمال میری نظر سے گزرے تحریر کی پختگی سے ہی معلوم ہوجاتا ہے کہ صاحب مضمون خود اس عمل کا عامل ہے کہ نہیں۔ پتہ چلا کہ اسی فیصد مضمون نویس نقل درنقل مضمون تحریر کرتے آرہے ہیں۔ لیکن تحفہ روحانیات میں مضامین کا انتخاب اور مضامین نگاروں کے انداز تحریر سے واضح ہوتا ہے کہ بیشتر مضمون نویس خود ان اعمال کے عامل ہیں اور یہ بھی اچھا کیا کہ جو مضمون نویس صرف ہوائی فائر کرتے تھے انہیں رسالہ سے نکال باہر کیا۔

میں نے تسخیر ہمزاد کیلئے سب سے پہلے یکسوئی کو بڑھانے کی کئی مشقیں کی جو کہ تقریباً 15 ماہ تک جاری رہی پھر ہمزاد کی تسخیر کا ایک عمل جو کہ 90 دن کا تھا میں نے شروع کیا اس کی تسخیر کے دوران کئی واقعات رونما ہوئے جن میں اکثر میرے کپڑوں کا غائب ہوجانا یا تسبیح کا نہ ملنا یا نیند میں اپنے آپ کو تین یا چار جگہ پر دیکھنا شامل تھا عمل کی ریاضت کا ابھی نصف عرصہ ہی ہوا تھا کہ ایک صبح مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے میرے منہ سے تھوک کے ساتھ خون نکل رہا ہے اور جیسے ہی میں نے تھوکا تو اُس میں خون کی آمیزش ہوتی میرے ایک محترم بزرگ جن کی راہنمائی میں میں نے عمل شروع کیا اُن سے رابطہ کیا انہوں نے بتایا کہ کوئی غلطی ہوگئی ہے۔ لیکن انہوں نے عمل کو نہ روکنے کی طرف اشارہ فرمایا اور ہدایت کی کہ عمل کو جاری رکھیں۔ اس کے چار پانچ دن بعد میرے دل و دماغ میں زوردار آوازیں دوران عمل شروع ہوگئی جیسے کہ کوئی بہت ہیوی مشینری میرے کانوں کے نزدیک چلا دی گئی ہو یا دوران خون اتنے تیزی سے گردش کرتا محسوس ہوا کہ جیسے ابھی کچھ ہونے والا ہے۔ میں پھر گھبرا گیا کیونکہ یہ سب کچھ روٹین سے ہٹ کر ہورہا تھا پھر جیسے ہی اس روز وظیفہ ختم کیا ان کی حالت میں ایک پرندہ میرے سینے پر آکر بیٹھ گیا اور کہنے لگا محمد فہیم تم مجھے ہی پکڑنا چاہ رہے ہو اس کیلئے بہت ہمت کی ضرورت ہے گو کہ میں ایک بہت چھوٹا سا پرندہ ہوں لیکن قوت اور طاقت کا اندازہ تمہیں نہیں معلوم اس کیلئے تمہیں پانچ طرح کے امتحان سے گزرنا ہوگا۔ جن میں دو نہایت سخت اور تین آسان ہونگے اس کے بعد وہ پرندہ اُڑا اور کمرہ کے روشن دان سے باہر نکل گیا گھبراہٹ کی وجہ سے میری آنکھ کھلی تو یوں محسوس ہورہا تھا کہ جیسے یہ خواب نہ ہو بلکہ حقیقی طور پر ایسا ہوا ہے۔

میں نے اُن بزرگ سے رابطہ نہ کیا اور اگلے دن عمل بھی نہ کیا عمل کو چھوڑنے کی نیت کی دو دن بعد خواب میں ہی ایک بزرگ ظاہر ہوئے اور فرمانے لگے کہ اگر عمل کو اس طرح چھوڑنا ہی ہے تو اپنے وزن کے برابر باجرہ خریدو اس میں سے ہر روز پرندوں کو باجرہ ڈالو لیکن جتنے دن تک تم نے عمل کیا ہے اتنے ہی دنوں میں یہ تمام باجرہ ختم ہوجانا چاہیے تو رجعت عمل سے بچ سکتے ہو بصورت دیگر سخت رجعت میں گرفتار ہوجاؤ گے۔

میں نے ایسا ہی کیا اور الحمد للہ کسی بھی قسم کی کوئی رجعت مجھ پر نہ ہوئی لیکن میری زندگی کا یہ پہلا اور آخری روحانی واقعہ ہے جسے میں کبھی نہیں بھول سکتا۔

(نوٹ) قارئین تحفہ روحانیات سے میری التماس ہے کہ عمل شروع کرنے سے قبل ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لازمی مشورہ کرلیا کریں میری زندگی کا نچوڑ ہے کہ سورۃ مزمل کا ورد رکھنے والا شخص ہر قسم کی روحانی معلومات رکھتا ہے اور جو روحانیت سورۃ مزمل میں ہے میری نظر میں تمام روحانی اعمال پر برتری اور فوقیت اسی سورۃ مبارک کو حاصل ہے۔

سلسلہ وار

مشاہدات روحانی

تحریر:۔ ڈاکٹر شفیق احمد، نشتر ہسپتال (ملتان)

مراقبہ میں کچھ دیر بعد روشنی سے منظر واضح ہوا'' آسمان پر بڑی بڑی روشنیاں جگمگا رہی ہیں ان کی روشنی سے (زمین) فرش بھی روشن ہے میں اپنے آپ کو اس ماحول میں دیکھتا ہوں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ مقام کسی بلند سطح پر واقع ہے حالانکہ ارد گرد کوئی ایسی اور بلندی یا منظر نہیں جس سے یہ تصدیق ہو سکے لیکن محسوسات ایسے ہیں کہ یہ مقام کسی بلندی پر واقع ہے۔ روشنیوں سے آنے والی روشنی جسم کو چھوتی ہوئی محسوس ہو رہی ہے۔ میں آسمان کی طرف ان روشنیوں کو غور سے دیکھ رہا ہوں جسم سے میرا ہم شکل روشنی کا ہیولا نکل کر فضا میں معلق ہو جاتا ہے یہ آہستہ آہستہ اوپر آسمان کی طرف چلا جاتا ہے کچھ دیر بعد یہ نیچے آتا ہے۔ لیکن واپسی اوپر جاتے جاتے یہ آسمان کی وسعت اور روشنی میں چھپ جاتا ہے۔ پھر نمایاں ہو کر ایک بلندی پر رک جاتا ہے یہ منظر روشنی میں چھپ کر اوجھل ہو جاتا ہے۔

میں نے جب استاد محترم سے اس روحانی کیفیت واقعہ کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ نظر آنے والے روح کا ایک پرت تھا جس کو آپ ہمزاد بھی کہہ سکتے ہیں جس رستہ پر روحانی سفر جاری ہے یہ تمام مخفیات اس رستہ کی دھول ہیں۔ ہماری منزل اس سے بہت آگے ہے اور اتنا آگے کہ جہاں پر اس جیسی دیگر مخفیات مودب کھڑی ہیں۔ اپنی اس روحانی سفر کو نہ روکیں اور مسلسل مراقبہ کو جاری رکھیں۔

دوران مراقبہ اسم ذات ''اللہ'' کے علاوہ تصور میں ذکر کا اضافہ راہبر محترم کی طرف سے تجویز کیا گیا۔ اب میں تصور میں اسم ذات ''اللہ'' کو دیکھنے کے علاوہ **استغفر الله ' یاالله ' یاشفیق ' اللهم الستر لی بسترك الجميل** (توبہ کرتا ہوں اللہ سے جو کہ شفیق ہے۔ اے اللہ! مجھے اپنے خوبصورت پردے میں ڈھال لے) کا ورد بھی جاری رکھتا۔ فرمایا اس نئے وظیفہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ باری تعالیٰ کے ننانوے نام وہ ہیں جو کہ نبی کریمؐ کی معرفت ہم تک پہنچے اور ہر وہ صفاتی اسم جو کہ اُس کی بڑائی بیان کرے اسم باری تعالیٰ ہی ہے۔ شفیق بھی اُس کی صفت کو ظاہر کرتا ہے ہر لمحہ ہم سے گناہ ہوتا جا رہا ہے اس لئے استغفار پڑھنا بہت ضروری ہے۔ اسم ذات خود باری تعالیٰ کو پسند ہے اور وہ معاف کرنے والا ہے محبت کرنے والا ہے اس لئے اُسکے صفاتی سمندر میں اپنے آپ غرق کر لو یقیناً اُس کی قربت حاصل ہوگی اسی لئے تو کہا گیا ہے کہ اے اللہ مجھے اپنے خوبصورت پردے میں ڈھال لے اور یاد رہے کہ نبی کریمؐ کی محبت عقیدت جب تک دل میں نہ ہوگی اللہ کی قربت حاصل نہ ہوگی اور نبی کریمؐ کی محبت قربت حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ دل میں اہل بیت آئمہ کرام کی محبت' صحابہ کرام کی محبت ہو اور اولیاء کرام کی محبت ضروری ہے۔ منزل کی طرف بڑھنے والے رستے کی جانب سب کچھ سمیٹے آگے بڑھتے جاؤ کچھ شک نہیں کہ منزل بہت قریب ہے۔ اس ورد کی برکت سے روشنی کی تیزی اور بڑھ گئی اسم ذات ''اللہ'' عام طور پر فضا میں بھی نظر آنے لگا۔ نماز میں یکسوئی بڑھ گئی اور آنکھوں کے سامنے اسم ذات روشن رہتا ہے۔

مراقبہ میں منظر نظر آنا شروع ہوا وہ دو اشخاص نظر نہیں آ رہے لیکن میں خود اپنے دائیں والے راستے پر اوپر کی طرف جاتا ہوا محسوس کرتا ہوں۔ (یہ دونوں راستے اوپر کی طرف اس طرح جا رہے ہیں جیسے کسی پہاڑی پر کوئی پگڈنڈی اوپر کو جاتی ہے) راستہ سے انتہائی تیز روشنی بھاپ کی طرح اوپر اٹھ رہی ہے میں تیز رفتاری سے بغیر قدم بڑھائے اوپر ہی اوپر بڑھتا جاتا ہوں۔ اس راستہ پر میرے الٹے ہاتھ پر ہلکا ہلکا روشن شاید برف کا پہاڑ ہے۔ تمام راستہ اسی طرح ساتھ چلتا ہے۔ اوپر جانے کی رفتار تیز تر ہوتی جا رہی ہے۔ کبھی کبھی دوسرا روشن راستہ بھی دکھائی آ جاتا ہے لیکن ان دونوں کے درمیان گھپ اندھیرا ہے اور یہ محسوس ہو رہا ہے شاید گہری کھائی ہے۔ میں سامنے کی طرف دیکھتا ہوں بہت ہی بلند مقام پر یہ دونوں راستے ایک گولائی کی شکل میں روشن منبع سے ملتے نظر آتے ہیں۔

پھر چند لمحوں بعد وہ گول روشن خطہ قریب سے نظر آنے لگا صرف روشنی کے علاوہ کچھ دکھائی نہ دیا۔ اس طرح بار بار ہوتا رہا لیکن اوپر کی طرف سفر برق رفتاری سے جاری رہا اس روشن منبع کے قریب پہنچنے پر اس کی روشنی سے آنکھیں چندھیانے لگیں میرا یہ سفر ایک ہموار سطح پر رک گیا اس سے آگے کچھ فاصلہ میں نے چل کر طے کیا تو ایک روشن سیڑھی اوپر کی جانب جا رہی تھی میں نے اس پر قدم رکھ کر اوپر چڑھنا شروع چند سیڑھیاں طے کرنے، مجھے روضہ مبارک کا سبز گنبد شریف نظر آیا اس کے ارد گرد سے تیز روشنی نکل کر آسمانوں کی طرف جا رہی ہے نہایت خوشگوار خاموشی اور سکوت ہے روشنی سے تمام ماحول بقعہ نور بنا ہوا ہے۔ لیکن کسی اور کو نہ دیکھ سکا یں

سیڑھی پر اوپر جا رہا ہوں اچانک خود کو ایک انتظار گاہ کی طرز پر بنی جگہ پر پاتا ہوں چار ستون پر چھت ڈالی گئی ہے نیچے ایک بینچ نما رکھا ہے۔ یہ جگہ بھی روشن ہے لیکن کم۔ اس کے اردگرد کچھ اور منظر نظر نہیں آتا ہے۔ کسی کی آواز آتی ہے کہ ''ابھی انتظار کرو'' میں اس نشست پر بیٹھ جاتا ہوں۔

میں اس انتظار کی کیفیت کو لفظوں میں بیان نہیں کرسکتا کوشش کی ہے کہ تمام مناظر کو لفظوں میں پیش کرسکوں لیکن وہ مناظر اور کیفیات اتنی حسین و خوبصورت ہوتی ہیں کہ اُن کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا شاید اگر میری اس تحریر کو پڑھ کر اُس قسم کا تصور باندھنے کی کوشش کرے تو ہوسکتا ہے کہ اُس منظر کے نزدیک تر پہنچ جائے۔

مراقبہ کی چند نشستوں میں خود اسی مقام پر بیٹھے ہوئے دیکھتا ہوں ایک روز میں نے آواز سنی مجھے کہا گیا ''جب کہا جائے تو فوراً تیار رہنا'' میں نے اثبات میں جواب دیا۔ خاموشی چھا گئی۔ منظر نظر سے چھپ گیا۔

آئندہ نشست مراقبہ میں چکا چوند روشنیاں ہیں لیکن ایک پردہ روشنی کی شکل میں اس کے پار کچھ نظر نہیں آتا۔ پھر یہ پردہ خودبخود میرے دائیں جانب کو سرکنا شروع کردیتا ہے۔

اس پردہ روشنی کے عقب سے ایک بلند اور تیز روشن ماحول نمودار ہوا میں بغیر حرکت کے اس بلند مقام کی طرف سرکنا شروع کردیتا ہوں۔ میرے جسم میں چھپاتی (یعنی دل کے مقام سے) خودبخود درود پاک جاری ہوگیا۔

اس روشنی میں ایک نہایت اعلیٰ نشست پر آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ میں صرف ایک مرتبہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک کی زیارت کرسکا پھر میں تاب نہ رہی میں نے اپنی نظر آپ کے قدم مبارک پر جمالی اور ان کی زیارت خوب جی بھر کر کی۔ قارئین اس کیفیت پر ایک بار ضرور درود پاک پڑھیں دعا ہے کہ ہر مسلمان کو زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب ہو۔ قارئین درود مزمل اور سورۃ مزمل کا مسلسل ورد رکھیں یقیناً زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہوگی اور دن بھر بھی درود مزمل ورد میں رکھیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نشست کے عقب میں دو اصحاب نہایت مودب سر جھکائے کھڑے ہیں۔ سر پر پگڑیاں باندھی ہوئی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر سے نکلنے والی روشنی اس تمام ماحول میں موجود روشنی پر جاری ہے اور ہر طرف پھیل رہی ہے چند لمحوں بعد روشنی کا پردہ میری آنکھوں کے سامنے آگیا۔

میں نے ان دونوں اصحاب کے بارے میں اپنے روحانی راہبر سے دریافت کیا انہوں نے بہت تفصیل سے ان دونوں اصحاب کے بارے میں معلومات دیں۔ زیارت بابرکت سے میری روح میں فرحت وشادمانی چھا گئی۔

آنے والے چند دنوں میں پھر وسوسے اور بہکاوے آنے لگے لیکن اس مرتبہ خیالات فاسد نہ تھے بلکہ نماز کی ادائیگی کے متعلق خیال آتا کہ جماعت سے نہ پڑھوں تو کیا ہے؟ پھر پڑھ لوں گا۔ اب زیارت تو ہوگئی ہے کہ درود پاک نہ پڑھوں۔ یہ تمام خیالات ایک لمحے کو آتے چلے جاتے۔ یہ وہ نازک وقت ہوتا ہے جس میں کسی راہبر کی راہنمائی ضروری سمجھتا ہوں ورنہ سو فیصد بھٹک جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ جب ایسا ہونے لگا تو اندر سے ہی ایک آواز آتی یہ سب شیطانی حیلے ہیں۔ ان سے بچو۔ نماز۔ ذکر الٰہی اور درود پاک کی کثرت رکھو۔ یہ مرحلہ بھی خیر وخوبی سے طے ہے۔

ٹیلی فون سے پریشانی

قارئین کرام! ٹیلی فون کی سہولت سے ناجائز فائدہ نہ اُٹھائیں۔ کیونکہ علی الصبح ہو یا آدھی رات کا وقت' ہر لمحہ فون کی بیل ہوتی رہتی ہے۔ پریشان حال لوگوں کے فون کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ دن ہو یا رات یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ اس دوران میں اپنے ورد اوراد اور آپ ہی جیسے پریشان حال دیگر لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے وظائف یا عمل کررہا ہوتا ہوں تو اس پڑھائی میں شدید خلل پیدا ہوتا ہے۔ میری سب سے بڑی مجبوری یہ ہے کہ میں فون کسی دوسرے شخص کو سننے کے لئے بھی نہیں دے سکتا۔ کیونکہ ہر شخص کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ میں فون پر خود بات کروں۔ میری تمام قارئین کرام سے گزارش ہے کہ وہ صرف مقررہ اوقات میں ہی فون کریں۔ تاکہ آپ ہی لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے جو اعمال یا ورد' وظائف کررہا ہوتا ہوں۔ اس میں میری یکسوئی مکمل طور پر رہے۔ اُمید کرتا ہوں کہ قارئین کرام بھرپور تعاون فرمائیں گے۔

0300-6351192

غلطی کی اصلاح

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں دیئے گئے عربی آیات میں اعراب خود درست کرلیں یا کسی حافظ سے کروالیں اس کے علاوہ نقوش کی پڑتال بھی خود لازمی کریں مضمون شائع کرنے سے قبل ان چیزوں کا خیال ادارہ کی جانب سے رکھا جاتا ہے لیکن پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔

سلسلہ وار روحانی علاج

غم' بیماری' قید کیلئے

قضائے حاجات وغم وفکر جسمانی بیماری اور قید وبند سے نجات حاصل کرنے کیلئے آیت کریمہ یعنی لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِین کو خشوع وخضوع کے ساتھ بکثرت پڑھنا بیحد مفید ہے اور تریاق اکبر ہے۔

نیک فرزند حاصل کرنے کا عمل

جو شخص اس آیت پر مواظبت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو نیک بخت اور شائستہ فرزند عطا فرمائے گا۔ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ۔

بیماری دور کرنے کا عمل

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیمار ہوتے۔ معوذتین پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے جب وجع کی ہوتی تو میں پڑھ کر ان کے اوپر ہاتھ پھیرتی۔

اولاد ہونے کا عمل

جس کو اولاد سے مایوسی ہوگئی ہو وہ یہ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ آیت بکثرت پڑھا کرے انشا اللہ تعالیٰ اس کو فرزند صالح اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا۔

بچے کا زندہ رہنا

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ ایک سو ساٹھ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر اپنے پاس بطور تعویز رکھے انشاء اللہ اولاد زندہ رہے گی۔

حفظ عمل

ذیل کی آیت پڑھ کر پیٹ پر دم کرنا یا لکھ کر پینا حمل کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ یا اَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْم۔

نظر بد دور ہو

اگر کسی بچہ یا آدمی کو نظر بد لگ گئی ہو تو قل اعوذ برب الناس و اعوذ برب الفلق تین تین بار پڑھ کر اس پر دم کرے۔

اسقاط حمل سے بچنے کا عمل

جو عورت بچہ اسقاط کر دیتی ہے تو ایک تاگہ کسم کا رنگا ہوا اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ میں یہ آیت داصبر وما صبرك الا باللہ ولا تحزن علیهم ولا تک فی ضیق مما یمکرون ان اللہ مع الذین اتقو والذین هم محسنون اور قل یا ایها الکفرون پڑھ اور پھونکے۔

ہر مراد پوری ہونے کا عمل

اگر کوئی چالیس روز تک سورۃ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے اس کی جو مراد ہوگی وہ پوری ہوگی۔

بانجھ عورت کے اولاد ہونے کا عمل

بانجھ عورت اگر روزہ رکھے اور وقت افطاری دودھ جس پر سات مرتبہ سورۃ مزمل شریف دم کی گئی ہو پیئے انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو۔ اگرچہ ہو جائے ناامیدی ہے۔

سلسلہ وار یونانی ٹوٹکے

نافع بواسیر

چونے میں تمباکو ملا کر اس کی دھونی دے۔ تو مسے کٹ جائیں اور تکلیف دور ہو۔

درد شقیقہ

یعنی آدھے سر کے درد والے کو گائے کے گھی میں شورہ ملا کر سنگھائیں تو فوراً آرام ہو۔

آگ سے جلے ہونے کا علاج

چونہ پانی اور مٹی کا تیل ملا کر مقام سوختہ پر لگائے ٹھنڈ پڑ جائے۔

ہچکی بند ہو

چار چھٹانک پانی میں چار ماشہ رائی ڈال کر جوش دے۔ پھر اسے مل چھان کر مریض کو پلائے۔ ہچکی بند ہو۔

رات کو مچھر نہ ستائیں

لونگ کا تیل چارپائی پر چھڑک دیں مچھر بالکل نہ آئیں گے۔

بری نظر کا توڑ

تین سرخ مرچ لے کر انہیں سات بار بچے کے سر سے اتارو۔ پھر انہیں آگ میں ڈالو۔ دھانس نہ اٹھے گی اور نظر بد کا اثر دور ہو۔

دفع چوتھیا بخار

نوچندی اتوار کو بہتے ہوئے پانی ندی، نہر یا ٹب میں دونوں پاؤں رکھ کر اسم اللہ 666 بار پڑھیں انشااللہ تعالیٰ ایک دن کے ہی عمل سے چوتھیا بخار ختم ہوگا ورنہ 3 دن تک اس عمل کو دہرائیں۔

پسو مر جائیں

رات کو کسی پیتل کے برتن میں پانی بھر دیں۔ اور اس میں سرسوں اور مٹی کا تیل ایک ایک قطرہ ڈال کر چارپائی کے نیچے رکھ دیں پسو چارپائی سے نکل کر سب کے سب برتن میں آگریں گے اور مر جائیں گے۔

ڈبہ اطفال

ہفتہ کے روز خرگوش کے خون کی گولی بنا کر بچہ کو دیں تو بچہ صحت یاب ہو جائیگا

آواز صاف اور سریلی ہو

مصری، سونٹھ اور شہد ملا کر چاٹے۔ تو آواز نہایت صاف اور سریلی ہو جائے

بہرہ پن دور ہو

دشمول کا جوشاندہ تیل میں پکا کر کان میں ڈالے یا اونگہ کی جڑ اور مسل شہد میں ملا کر چاٹے تو بہرہ پن دور ہو۔

قوت بصر کا ٹوٹکہ

موسم برسات میں کھوجڑ سمیت لا کر اسے تیل میں پکائے اور اسے ہر روز ایک ماہ تک کھا دے۔ تو نظر نہایت تیز ہو جائے۔

آنکھ سے پانی بہنا بند ہو

سفید سونٹھ کی جڑ گھی میں پیس کر سلائی سے آنکھ میں ڈالے۔ تو پانی بہنا بند ہو

ڈاڑھ کے کیڑے مر جائیں

ہرڑ کا سفوف شہد میں ملا کر تھوڑی دیر کسی تانبے کے برتن میں بھونے پھر اس کی گولی بنا کر ڈاڑھ کے نیچے رکھے یا گنجہ کی جڑ کان میں باندھے۔ تو ڈاڑھ کے کیڑے مر جائیں۔